چندہ جمع کرنے کے دوران حقیقی یا امکانی
غلطیوں سے بچانے والی فکر انگیز تحریر

چندہ کرنے کی
شرعی و تنظیمی احتیاطیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ط وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

چندہ کرنے کی شرعی وتنظیمی احتیاطیں

مدنی عَطیّات جمع کرنے والے تمام اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں لازماً اس رسالے کامُطالعہ کیجئے۔

دُرودِ پاک کی فضیلت

سرکارِمدینہ،سُرورِقلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: جو صبح وشام مجھ پر دس دس بار دُرود شریف پڑھے گا بروزِ قیامت میری شفاعت اُسے پہنچ کر رہے گی۔(الترغیب والترھیب، ۱/۲۶۱، حدیث: ۲۹)

صَلُّوْاعَلَی الْحَبِیْب ! صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحَمَّد

دعوتِ اسلامی کے شعبہ جات کا مُختصر تعارُف

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! جمادی الاُخریٰ 1437ھ بمطابق مارچ 2016ء تک کی معلومات کے مُطابق مُلک وبیرونِ مُلک میں تبلیغِ قرآن وسُنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کے تحت سینکڑوں **جامعاتُ المدینہ** (للبنین وللبنات) قائم ہیں جن میں ہزاروں طَلَبہ وطالِبات درسِ نظامی کررہے ہیں، نیز ہزاروں **مدارِس المدینہ** (للبنین وللبنات) بھی قائم ہیں جن میں **ایک لاکھ سے زائد** مدَنی مُنّے اور مدَنی مُنّیاں حِفْظ وناظرہ کی مُفت تعلیم حاصل کررہے ہیں،

مدَنی تَرْبِیَت گاہیں، **مختلف تربیتی کورسز** (مثلاً فرض عُلوم کورس، اِمامت کورس، مُدَرِّس کورس، مدنی تربیتی کورس، مدَنی انعامات و مدنی قافلہ کورس، قُفلِ مدینہ کورس، فیضانِ اسلام کورس، فیضان قرآن وحدیث کورس، 12 روزہ مدنی کورس وغیرہ)، **مدنی چینل** جو کہ بے شُمار مسلمانوں کی اِصلاح اور کُفّار کے قبولِ اسلام کا سبب بن رہا ہے نیز اس کے ذریعے لاکھوں لاکھ عاشقانِ رسول علمِ دین سے مالا مال ہورہے ہیں، **مدنی چینل** پر **رَمَضانُ الْمُبارَک** میں روزانہ دومرتبہ اور علاوہ رَمَضان ہفتے میں ایکبار (بروز ہفتہ)، نیز اس کے علاوہ بھی وقتاً فو قتاً مدنی مذاکرے براہِ راست نَشر کئے جاتے ہیں۔ **دارُالمدینہ**، **کئی دارُالافتاء اہلسنّت**، **المدینۃالعلمیہ**، **مجلسِ مکتوبات وتعویذاتِ عطاریہ** جس سے ماہانہ لاکھوں لاکھ مسلمان **مُستَفِیض** ہورہے ہیں، اس کے علاوہ سینکڑوں **مدَنی مراکز** (یعنی فیضانِ مدینہ) اور کثیر مساجد کی تعمیرات و **انتظامات**، **مدارِسُ المدینہ آن لائن**، اسی طرح سینکڑوں **ہفتہ وار اجتماعات**، **بڑی راتوں** (مثلاً شبِ میلاد، گیارہویں شریف، شبِ معراج، شبِ براءَت اور رمضانُ المبارک کی ستائیسویں شب وغیرہ) کے اجتماعات، **پورے ماہِ رمضان کا اجتماعی اعتکاف** سینکڑوں مقامات پر اور **آخری عشرے کا سُنّتِ اعتکاف** ہزاروں مقامات پر ہوتا ہے، جن میں ہزار ہا اسلامی بھائی معتکف ہوتے ہیں، غرض یہ کہ منظّم طریقے سے مدَنی کاموں کو آگے بڑھانے کے لئے دعوتِ اسلامی کے تحت تقریباً **102 شعبہ جات** قائم ہیں جن کے لئے خطیر رقم درکار ہوتی ہے۔

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! ویسے تو بِالعُموم سارا ہی سال دعوتِ اسلامی کے

مدنی کاموں کیلئے مدنی عَطیّات جمع کرنے کا سلسلہ رہتا ہے مگر بِالخصوص رَجَبُ المُرَجَّب ،شَعْبانُ الْمُعَظَّم اور رَمَضانُ الْمُبارَک میں چُونکہ بکثرت لوگ صَدَقات وعَطیّات کی ادائیگی کی طرف مائل ہوتے ہیں اس وجہ سے ان مہینوں میں مدنی عَطیّات اِکٹّھا کرنے کا بہترین موقع ہوتا ہے لٰہذا ہمیں چاہئے کہ نہ صرف اپنے مدَنی عَطیّات دعوتِ اسلامی کو دیں بلکہ دعوتِ اسلامی کے مدنی کاموں میں مزید ترقّی کیلئے آج ہی سے بھرپور کوشش کرتے ہوئے دیگر اسلامی بھائیوں سے بھی مدَنی عَطیّات (زکٰوۃ،فطرہ، صَدَقات، خَیرات وغیرہ)جمع کرنے کی ترکیب بنائیں۔

یاد رکھئے کہ موجودہ دور میں دینی کاموں کے لئے چندہ (مدنی عَطیّات) جمع کرنا اَشَد ضروری ہے۔رسولِ اکرم،نورِ مجسم صَلَّی اللّٰہُ تَعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کا فرمانِ غیب نشان ہے:''آخرِ زمانہ میں دین کا کام بھی دِرہم ودینار سے ہوگا۔''

(معجم کبیر، ۲۰/۲۷۹، حدیث:۶۶۰)

چونکہ مذہبی وفلاحی کام اکثر چندے ہی کے ذریعے ہوتے ہیں لٰہذا مستقل طور پر اُنہیں جاری رکھنے کے لئے چندہ تو جیسے تیسے کرہی لیا جاتا ہے مگر عِلمِ دین کی کمی کے باعِث ایک بہت بڑی تعداد اِس کے جمع کرنے میں شَرعی غلطیاں کرکے گناہوں میں جاپڑتی ہے۔یاد رکھئے ! چندہ وُصول کرنے والوں کیلئے چندے کے ضروری مسائل کا سیکھنا فرض ہے۔لٰہذا تبلیغِ قرآن وسُنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک ''دعوتِ اسلامی'' کے وسیع تر مفاد کے پیشِ نظر مجلسِ مالیات کی طرف سے

نیکیاں کمانے اور مسلمانوں کو گناہوں سے بچانے کے مُقدّس جذبے کے تحت مدنی عطیات جمع کرنے والے اسلامی بھائیوں کیلئے صدقہ کرنے اور عطیّات جمع کرنے کے فضائل، عطیّات میں خیانت کی وعیدوں اور عطیّات سے متعلق اہم تنظیمی وشرعی مسائل کے بارے میں سُوالاً جواباً معلومات پیشِ خدمت ہیں:

راہِ خدا میں خَرچ کرنے کی فضیلت

اللّٰہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے پاک کلام میں صدقہ وخَیرات کرنے کی ترغیب یوں ارشادفرمائی ہے:

وَ اَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ وَ اَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًاؕ وَ مَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَیْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَیْرًا وَّ اَعْظَمَ اَجْرًاؕ (پ ۲۹، المزمل: ۲۰)

ترجَمۂ کنزُالایمان: اورنماز قائم رکھواورزکوٰۃ دواوراللّٰہ کواچھا قرض دو اوراپنے لئے جو بھلائی آگے بھیجو گے اسے اللّٰہ کے پاس بہتراور بڑے ثواب کی پاؤگے۔

صدرُالافاضل مولانا سیدنعیمُ الدّین مُرادآبادی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعالیٰ عَلَیْہ تفسیرخزائنُ العرفان میں اس آیت کے تحت فرماتے ہیں: ''حضرت ابنِ عباس رَضِیَ اللّٰہ تعالیٰ عَنہُما نے فرمایا کہ اس قرض سے مُرادزکوٰۃ کےسوا راہِ خدامیں خرچ کرنااورصلۂ رحمی میں اورمہمان داری میں اور یہ بھی کہا گیا کہ اس سے تمام صدقات مُراد ہیں جنہیں اچھی طرح مالِ حلال سے خُوش دِلی کے ساتھ راہِ خُدامیں خرچ کیا جائے۔

حضرت کَعب بن عُجرہ رَضِیَ اللّٰہ تعالیٰ عَنہُ سے روایت ہے کہ رسولُ اللّٰہ

صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: ”نماز (ایمان کی) دلیل ہے اور روزہ (گناہوں سے) ڈھال ہے اور صدقہ کوتاہیوں کو یوں مٹا دیتا ہے جیسے آگ کو پانی۔“ (ترمذی، کتاب السفر، باب ما ذُکِر فی فضل الصلاۃ، ۲/۱۱۸، حدیث: ۶۱۴)

مشکوٰۃ شریف کی شرح میں ہے: بے شک صدقہ (جہنم سے) ڈھال ہے اور جنت کی طرف وسیلہ ہے۔ (مرقاۃ المفاتیح، ۹/۴۹۰، تحت الحدیث: ۵۵۵۰)

عَطِیّات جمع کرنے کی فضیلت

بعض اسلامی بھائی مدنی عَطیّات اِکٹھا کرنے میں جھجک محسوس کرتے ہیں حالانکہ دِین کی سربُلندی کے لئے چندہ اِکٹھا کرنا سرورِ انبیا، حبیبِ کبریا صَلَّی اللّٰہُ تَعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی سُنّت سے ثابت ہے۔ غزوۂ تبوک، مسجدِ نبوی شریف علٰی صَاحِبِھَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام کی تعمیر، بیرِ رُومہ کی خریداری وغیرہ کے مواقع پر سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے راہِ خُدا میں خرچ کرنے کی ترغیب دِلائی لہٰذا آپ بھی ہمّت کیجئے، جھجک اُڑائیے اور اِحیائے سُنّت کے لئے خوب خوب مدنی عَطیّات جمع کیجئے۔ آیئے ترغیب کے لئے ایک حدیثِ مُبارَکہ مُلاحظہ کیجئے:

حضرت سیِّدُنا رافع بن خَدِیج رَضِیَ اللّٰہ تَعالٰی عَنْہُ سے مروی ہے کہ میں نے رسولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو فرماتے ہوئے سُنا: اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا کیلئے حق کے مطابق صَدَقہ وُصول کرنے والا اپنے گھر لوٹنے تک اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی راہ میں جہاد کرنے والے غازی کی طرح ہے۔ (ابو داؤد، کتاب الخراج ...الخ، باب فی السعایۃ ...الخ، ۳/۲۳۵، حدیث: ۲۹۳۶)

عَطِیَّات میں خِیانت پر وَعید

راحتِ قلبِ ناشاد، رسولِ کریم وجَوادصَلَّی اللّٰہُ تَعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کاارشادِ عبرت بُنیاد ہے: کچھ لوگ اللّٰہ تعالیٰ کے مال میں ناحق تَصرُّف کرتے ہیں، قِیامت کے دن اُن کیلئے جہنَّم ہے۔ (بخاری، کتاب فرض الخمس، باب قول اللّٰہ تعالی (فَاِنَّ لِلّٰہِ خُمُسَہٗ)، ۲/ ۳۴۸، حدیث: ۳۱۱۸)

حُضُور سیِّدِ عالم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم فرماتے ہیں: کتنے ہی لوگ جو اللّٰہ (عَزَّوَجَلَّ) اوراس کے رسول (صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) کے مال میں سے جس چیز کو ان کا دل چاہتا ہے اپنے تصرُّف میں لے آتے ہیں قیامت کے دن ان کے لیے دوزخ کی آگ ہے۔ (ترمذی، کتاب الزھد، باب ماجاء فی اخذ المال، ۱۶۵/۴، حدیث: ۲۳۸۱)

اَمیرِ اَھلِسُنَّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی طرف سے تمام عاشقانِ رسول کو خُصوصی تاکید

جو اسلامی بھائی یا اسلامی بہنیں چندہ اکٹھا کریں اُنہیں چندے کے ضروری اَحکام معلوم ہونا فرض ہے، ہر ایک کی خدمت میں تاکید ہے کہ اگر پڑھ چکے ہیں تب بھی دعوتِ اسلامی کے اِشاعتی ادارے مکتبۃُ المدینہ کی مطبوعہ 107 صَفَحات پر مشتمل کتاب، ''چندے کے بارے میں سوال جواب'' کا دوبارہ مُطالَعہ فرمالیجئے۔

عَطِیَّات جمع کرنے کی نِیَّتیں

سوال: مدنی عَطیّات جمع کرتے وقت نِیَّت کیا ہونی چاہیئے؟

جواب: 1 فرمانِ مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ ہے: **نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ** یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔ (معجم کبیر، ۶/ ۱۸۵، حدیث: ۵۹۴۲) اس لئے دعوتِ اسلامی کا ہر ذِمّہ دار امیرِ اَہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ کے عطا کردہ "**مدنی انعامات**" میں سے "**مدنی انعام نمبر 1**" پرعمل کرتے ہوئے یہ نیّت کرے کہ میں **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی رِضا اور اس کے پیارے حبیب صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی خُوشنودی کی خاطر تبلیغِ دین اور اِصلاحِ مُعاشرہ میں معاونت کے لئے مدنی عَطیّات جمع کروں گا۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

مدنی اِنعامات سے عطّار ہم کو پیار ہے
اِنْ شَاءَ اللّٰہ دو جہاں میں اپنا بیڑا پار ہے

2 (یہ نِیَّت بھی کرنی چاہیئے کہ) مدنی عَطیّات جمع کرنے میں مَدّات کا خاص خیال رکھتے ہوئے جو رقم جس مَد میں وُصول ہوگی اُسی مَد میں اِندِراج کرکے لوگوں کے عَطیّات کی شریعت کے مُطابق دُرُست طور پر ادائیگی کروانے میں مُعاوَنت کروں گا۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

مدنی عَطیّات کی اَقسام

سوال: عُموماً کتنی قسم کے مدنی عَطیّات دعوتِ اسلامی کو مَوصول ہوتے ہیں؟

جواب: دعوتِ اسلامی کو عموماً تین قسم کے مدنی عَطیّات مَوصول ہوتے ہیں۔

(1)واجِبہ (2)نافِلہ (3)مَدّاتِ مخصوصہ

عَطیّاتِ واجِبہ اِن میں زکوٰۃ،فطرہ،عُشر،عُشر کی رقم،قَسم کے کفارے،روزوں کے فِدیے،نمازوں کے فِدیے،مَنّتِ واجِبہ کی رَقم اور حج یا عُمرے کے صَدَقے کی رَقم بھی شامل ہے۔

عَطیّاتِ نافِلہ اِن میں صَدَقہ،خَیرات اور ہَدِیّہ وغیرہ شامل ہیں۔

مداتِ مخصوصہ اِس میں مسجد،جامعۃُ المدینہ،مدرسۃُ المدینہ اور فیضانِ مدینہ کی تعمیرات و دیگر اَخراجات نیز لنگرِ رضوِیّہ کے لئے خاص طور پر دیئے جانے والے مدنی عَطیّات شامل ہیں۔

مدنی عَطیّات جمع کرنے کے طریقے اور احتیاطیں

سوال مدنی عَطیّات جمع کرنے کے لئے کوئی ایسا طریقۂ کار بیان کردیجئے کہ جس سے مدنی عَطیّات میں اِضافہ ہوسکے۔

[illegible] مدنی عَطیّات میں اِضافے کے لئے دوطرح کی فہرستیں بنائی جائیں۔

(1)اِنفرادی (2)اِجتماعی

اِنفرادی فہرست اِنفرادی طور پر یہ کہ ہر اسلامی بھائی مُلک و بیرونِ مُلک میں رہنے والے اپنے خاندان کے اَفراد،عزیز و اَقارِب،دُور اور قریب کے رشتے دار،پڑوسی،محلّے دار،دوست احباب و دیگر متعلقین کی فہرستیں بنائیں تاکہ مَوقَع آنے پر اُن سے مدنی عَطیّات حاصل کئے جاسکیں۔

اِجتماعی فہرست اِجتماعی طور پر یہ کہ ہر نگران مثلاً نگرانِ کابینات/کابینہ/

شہر/ ڈویژن/ علاقہ/ حلقہ/ ذیلی حلقہ مشاورت مُخیّر حضرات (تاجر، مِل مالِکان، زمیندار وغیرہ) کی فہرست تیار کرے اور مجلسِ مالیات کے پاس شخصیات ریکارڈ رجسٹر میں اُس کا اِندِراج بھی کروائے تاکہ ان تمام شخصیات کا ریکارڈ محفوظ کیا جاسکے اور ہر سال رابطہ کرنے میں آسانی رہے۔

اِنفرادی طور پر مدنی عَطیّات جمع کرنے کا طریقہ سب سے پہلے تو اپنے گھر سے زکوٰۃ، فطرہ، عُشر، صَدَقات وغیرہ کی ترکیب بنایئے ❀ اِس کے بعد رشتے داروں، محلّے داروں اور دوست احباب وغیرہ سے بِالْمُشَافَہ مُلاقات کرکے یا پھر مکتوب، ایس ایم ایس یا ای میل وغیرہ کے ذریعے اُنہیں راہِ خدا میں خرچ کرنے کے فضائل بتا کر مدنی عَطیّات دینے کی ترغیب دِلایئے اور ممکنہ صورتوں میں ہاتھوں ہاتھ جمع بھی فرمایئے، مُلاقات کے مدنی پھول اسی رسالے کے صفحہ 12 پر ملاحظہ فرمایئے ❀ جو شخصیات ماہانہ کچھ نہ کچھ دعوتِ اسلامی کو مدنی عَطیّات دینے کی نیّت کرلیں ان کا نام، پتہ اور فون نمبر وغیرہ کی تفصیلات مجلسِ مالیات کو دے دیجئے تاکہ ممکنہ صورتوں میں ان سے ہر ماہ وُصولی کی ترکیب کی جاسکے ❀ ہر اسلامی بھائی کو اپنا یہ مدنی ذہن بنانا چاہئے کہ میں روزانہ یا ہفتہ وار یا پھر ماہانہ اپنی آمدنی میں سے کچھ نہ کچھ مدنی عَطیّات دعوتِ اسلامی کے مدنی کاموں کے لئے ہر نیک و جائز کام میں خرچ کرنے کی اجازت کے ساتھ جمع کراؤں گا۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ

گھریلو صَدَقہ بکس و مدنی عطیات بکس کی ترغیب ممکنہ صورتوں

میں اپنے اور اپنے جاننے والوں کے گھروں میں ''گھریلو صَدَقہ بکس'' کی بھی ترکیب بنائیے اور ان ''گھریلو صَدَقہ بکس'' میں جمع ہونے والے مدنی عَطیّات اپنے طور پر متعلقہ ذِمّہ دار کو جمع کرواکر رسید ضرور حاصل فرمائیے ❀ مَوقَع کی مُناسَبَت سے دیگر اسلامی بھائیوں کو بھی اپنے گھروں میں ''گھریلو صدقہ بکس'' اور دُکانوں میں ''مدنی عطیات بکس'' رکھنے کی ترغیب دلائیے اور ان کا رابطہ مجلس مدنی عطیات بکس کے ذمہ داران میں سے کسی سے کروا دیجئے تاکہ یہ سلسلہ جاری رہے۔

اِجتماعی طور پر مدنی عَطیّات جمع کرنے کا طریقہ کابینات/ کابینہ/ شہر/ ڈویژن/ علاقہ/ حلقہ/ ذیلی سطح پر ذِمّہ داران مدنی مشوروں کے ذریعے مرکزی مجلسِ شوریٰ یا متعلقہ رکنِ شوریٰ کی طرف سے طے کیے گئے اَہداف اپنے اسلامی بھائیوں میں تقسیم فرمائیں، نیز مدنی عَطیّات کی ترغیب دلانے کے لئے سنتوں بھرے اجتماعات مثلاً شخصیات اجتماعات یا تاجر اجتماعات کا بھی انعقاد فرمائیں اور ذِمّہ داران اپنی اپنی ذِمّہ داری اور مَنصَب کے مطابق مدنی عَطیّات کے ہدف کو پورا کرنے میں مصروف ہو جائیں بلکہ ہدف سے زائد مدنی عَطیّات جمع کروانے کی کوشش فرمائیں ❀ کوشش کیجئے کہ دعوتِ اسلامی سے محبت کرنے والا ہر شخص اپنے مستحق رشتے داروں کو دینے کے بعد اپنے گھر کے عَطیّات مثلاً زکوٰۃ، فطرہ، صَدَقات وغیرہ دعوتِ اسلامی کو ہی جمع کروائے۔

مدنی عطیات کے لئے بینرز وغیرہ کی ترکیب اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار اجتماعات وغیرہ میں بھی مدنی عَطیّات کے اعلان، ترغیب، بینر اور بستے کی ترکیب ہو

اور ذیلی حلقہ یا حلقہ مُشاوَرَت کی ذِمّہ دار اسلامی بہن وہیں ہاتھوں ہاتھ مدنی عَطیّات جمع کر کے تنظیمی ترکیب کے مُطابق مدنی مرکز کو جمع کروائے ❁ جہاں مدنی عَطیّات کے بینرز مکتبۃُ المدینہ پر دستیاب ہوں تو اَزخود مکتبۃُ المدینہ سے ہدیۃً حاصل فرمائیں اور جہاں ترکیب ممکن نہ ہو تو بینرز کے اخراجات کے لئے متعلقہ ذِمّہ دار کے ذریعے سے مالیات ذِمّہ دار یا مالیات مکتب سے رابطہ فرمائیں، بینرز کی خریداری کے لئے اَزخود مدنی عَطیّات ہرگز استعمال نہ فرمائیں ❁ **رَمَضانُ الْمُبارَک** میں ہونے والے **اجتماعی سنّتِ اعتکاف** میں **مُعْتَکِفِین** اسلامی بھائیوں کو بھی زکوٰۃ، فطرہ، صَدَقات اور ہدیے وغیرہ جمع کروانے کی ترغیب دِلایئے ❁ **ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات اور بڑی راتوں کے اجتماعات** مثلاً میلاد شریف، گیارہویں شریف، معراج شریف، شبِ براءت اور **رَمَضانُ الْمُبارَک** کی ستائیسویں شب و دیگر بڑے اجتماعات اور تربیتی نشستوں میں بھی چُونکہ اسلامی بھائیوں کی کثیر تعداد ہوتی ہے لہٰذا اِن مواقع پر بھی مدنی عَطیّات کی ترغیب دِلایئے، بینرز آویزاں کیجئے، بستے لگایئے اور ممکنہ صورتوں میں تربیَت یافتہ اسلامی بھائیوں کے ذریعے جھولی کی بھی ترکیب بنایئے، جھولی سے متعلق تفصیلی مدنی پھول صفحہ 20 پر ملاحظہ فرمایئے ❁ **ماہِ رَمَضانُ الْمُبارَک** میں جن جن نمازوں کے اوقات میں ممکن ہو مسجد کے باہر مدنی عَطیّات کے لئے بستے کی ترکیب بنایئے بالخُصوص جُمُعہ کے دن نمازِ جُمُعہ میں تو لازمی اِس کا اہتمام کیجئے ❁ جامعاتُ المدینہ، مدارِسُ المدینہ اور دارُالمدینہ کے طَلَبہ نیز مُدَرِّسین، ناظمین، مُفَتِّشین اور مجالس کے مدنی مشورے کر کے اُنہیں مدنی عَطیّات جمع کرنے کے اَہداف دیجئے، طَلَبہ چھوٹے ہوں تو صرف اُن

کے والدین یا سرپرست کو اور اگر طَلَبہ بڑے ہوں تو والدین یا سرپرست کے ساتھ ساتھ اُن طَلَبہ کو بھی ہدف دیجئے اور اِس رسالے کی روشنی میں مدنی عَطیّات اِکٹھا کرنے کی ترغیب دلایئے اسی طرح ذِمّہ دار اسلامی بہنیں بھی تنظیمی ترکیب کے مُطابق مُدرِّسات، ناظمات، مُفتشات اور طالبات وغیرہ کے مدنی مشورے کرکے اُنہیں اَہداف دیں ❀ نگرانِ کابینہ کے مشورے سے اپنے ڈویژن/شہر/علاقے میں مدنی عَطیّات مہم جاری کیجئے۔

مدنی عَطیّات کے لئے مُلاقات کے مدنی پھول

❀ ذِمّہ داران کو چاہیے کہ دعوتِ اسلامی کے مدنی عَطیّات کے لئے خوش عقیدہ شخصیّات و مُخیّر حضرات سے پیشگی وقت لے کر اُن سے ملاقات کی ترکیب بنائیں۔

❀ بہتر یہ ہے کہ ملاقات کے لئے دو یا تین اسلامی بھائی مل کر جائیں اسلامی بہنیں بھی اسی طرح کریں۔

❀ دورانِ ملاقات شخصیّات و مخیّر حضرات کو دعوتِ اسلامی کے مختلف مدنی کاموں اور شعبہ جات مثلاً مدرسۃُ المدینہ، جامعۃُ المدینہ، دارُ المدینہ اسکول سسٹم، مساجد کی تعمیرات، مدنی قافلہ، مدنی چینل، شعبۂ تعلیم، مجلسِ آئی ٹی، دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ (www.dawateislami.net)، مجلسِ خصوصی اسلامی بھائی، مجلسِ اصلاح برائے قیدیان وغیرہ کا تعارف کروائیں نیز شیخِ طریقت امیرِ اہلسنّت بانیِ دعوتِ اسلامی حضرتِ علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی دَامَتْ بَرَکَاتُهُمُ الْعَالِيَه کی دینی خدمات سے بھی آگاہ کیجئے۔

۞ دعوتِ اسلامی کے مدنی کاموں پر صَرف ہونے والے اَخراجات بتا کر دعوتِ اسلامی کے ہر نیک و جائز کام میں خرچ کی نیّت سے ماہانہ مدنی عَطیّات دینے کا ذہن بنائیے۔

۞ ممکن ہو تو شخصیات کے یہاں مجلس ''مدنی عطیات بکس'' کی مُشاوَرت و اجازت سے مدنی پھولوں کے مطابق مدنی عَطیّات بکس (Box) رکھنے کی بھی ترکیب بنائیے۔

۞ دورانِ ملاقات اِختلافی مسائل، فُضول گفتگو اور سیاسی مُعامَلات پر کلام کرنے سے مکمل اِجتناب کیجئے۔

۞ اِنفرادی کوشش کرتے ہوئے خوفِ خدا (عَزَّوَجلَّ)، عشقِ مصطفٰے (صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم)، اِخلاص اور اَخلاقِ حَسَنہ سے متعلق گفتگو کیجئے، نیز انبیاء عَلَیْھِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام اور صحابہ و اولیاء عَلَیْھِمُ الرِّضوان کی اسلام کی خاطر قربانیوں اور اصلاحِ اُمّت کے لئے دعوتِ اسلامی اور بانیٔ دعوتِ اسلامی دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ کے کردارِ باصفا جیسے عُنوانات ہی کو موضوعِ سُخن بنائیے۔

۞ حدیثِ پاک میں ہے: ''تَھَادَوْا تَحَابُّوْا'' یعنی ایک دوسرے کو تحفہ دو آپس میں محبت بڑھے گی۔ (مؤطا امام مالک، کتاب حسن الخلق، باب ماجاء فی المھاجرۃ، ۲/۴۰۷، حدیث: ۱۷۳۱) اس حدیثِ پاک پر عمل کی نیّت سے ذاتی طور پر حسبِ اِستِطاعت مدنی عَطیّات دینے والی شخصیّات کو مکتبۃُ المدینہ کی مطبوعہ کُتُب و رسائل مثلاً ''دعوتِ اسلامی کی جھلکیاں'' رِسالہ اور VCD's وغیرہ بھی تحفۃً پیش کریں۔ یاد رہے! کہ مدنی عَطیّات سے تحفہ دینے کی اجازت نہیں نیز ذاتی تعلُّقات بنانے کے بجائے رِضائے الٰہی اور تنظیمی کاموں میں ترقی کی نیّت ہی سے تحفہ دیا جائے۔

❀ شخصیات و مخیّر حضرات کو مدنی چینل دیکھنے نیز ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع اور مدنی مذاکرے میں شرکت کی ترغیب بھی دلائیں۔

❀ مدنی عَطیّات کے مہینوں (یعنی رَجَب ،شَعْبان اور رَمضان) کے علاوہ بھی شخصیات و مخیّر حضرات سے ملاقات اور رابطے کی ترکیب رکھتے ہوئے انہیں مدنی ماحول سے وابستہ کرنے کے لئے انفرادی کوششوں کا سلسلہ جاری رکھئے۔

مدنی عَطیّات کے بستے لگانے کے مدنی پھول

❀ مدنی عَطیّات کے بستوں پر ذِمّہ دار مقرر کئے جائیں اور ان کی تَرْبِیَت کا اِہتمام بھی کیا جائے۔

❀ مدنی عَطیّات کے بستوں کے لئے میز، کرسی وغیرہ کا اہتمام کیجئے، ممکنہ صورتوں میں کرائے پر لینے کے بجائے اپنے یا کسی اہلِ محبت کے گھر سے ترکیب بنا لیجئے اگر یہ ممکن نہ ہو تو اَخراجات کے لئے اپنے متعلقہ ذِمّہ دار کے ذریعے مالیات ذِمّہ دار یا مالیات مکتب سے رابطہ فرمایئے۔

❀ ممکن ہو تو مدنی عَطیّات کے بستوں پر میگا فون کا اہتمام بھی کیجئے مگر اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ آواز اس قدر بُلند نہ ہو کہ اُس سے لوگوں کو تکلیف پہنچے۔

❀ مدنی عَطیّات کے بستوں پر مُناسب روشنی کا بھی اہتمام فرمائیں، لیکن اِس کے لئے مسجد یا مدرسے سے بجلی ہرگز ہرگز نہ لی جائے کہ شرعًا اس کی اجازت نہیں۔

❀ مدنی عَطیّات کے بستوں پر کھلے پیسے بھی رکھے جائیں تاکہ عَطیّات کی وُصولی میں کسی قسم کی پریشانی نہ ہو، اس کا مُناسب طریقہ یہ ہے کہ مَدّاتِ واجِبہ اور نافِلہ

میں سے کچھ بڑے نوٹوں کو کھلا کروا کر الگ الگ رکھ لیجئے اور بقایا رقم کی واپسی اُسی مَد کی رقم سے کیجئے۔

۞ اپنی جیب سے اگر کھلے پیسے لیں تو کسی کو گواہ بنا لیجئے اور رجسٹر یا کاپی میں بھی لازمی طور پر لکھ لیجئے تا کہ عَطیّات کے اِندِراج اور ادائیگی میں کسی قسم کی آزمائش اور پریشانی کا سامنا نہ ہو۔

۞ بستوں پر مُناسب تعداد میں رسید بُک رکھنے کا بھی اہتمام کیجئے تا کہ عَطیّات دینے والے کو بَروَقت رسید پیش کی جا سکے۔

۞ رسید بُک انتہائی حفاظت سے رکھئے تا کہ کسی غلط ہاتھ میں نہ جا سکے۔

۞ مدنی عَطیّات کے بستوں پر ڈائری، کاپی، رجسٹر یا مدنی پیڈ وغیرہ نیز قلم رکھنے کا بھی اہتمام فرمائیں اور ہاتھوں ہاتھ رسید بُک پر اِندِراج کے ساتھ ساتھ ڈائری وغیرہ میں بھی اِندِراج فرماتے رہیئے تا کہ مَدّات میں کسی قسم کی غَلَطی کا اندیشہ نہ رہے۔

۞ جس ڈائری یا مدنی پیڈ وغیرہ پر عَطیّات کا اِندِراج فرمائیں اُسے بھی حفاظت سے رکھیں تا کہ بوقتِ ضرورت اس کے ذریعے درپیش مسئلے کو حل کیا جا سکے۔

۞ مدنی عَطیّات کے ہر بستے پر ''دعوتِ اسلامی کے خدمتِ دِین کے 102 شعبہ جات'' والا پمفلٹ اور رسالہ ''**اصلاحِ اُمّت میں دعوتِ اسلامی کا کردار**'' اور ''**دعوتِ اسلامی کی جھلکیاں**'' مُناسب تعداد میں رکھے جائیں، حدیثِ پاک میں ہے: ''تَهَادَوْا تَحَابُّوا'' یعنی ایک دوسرے کو تحفہ دو آپس میں محبت بڑھے گی۔ (مؤطا امام مالک، کتاب حسن الخلق، باب ماجاء فی المهاجرة، ۲/۴۰۷، حدیث: ۱۷۳۱) اس

حدیثِ پاک پر عمل کی نیّت سے ذاتی طور پر حسبِ استطاعت مدنی عَطیّات دینے والی شخصیات اور بستے پر آنے والوں کو تحفۃً پیش کئے جائیں۔ یاد رہے کہ مدنی عَطیّات سے مدنی تحفہ دینے کی اجازت نہیں، نیز ذاتی تعلّقات بنانے کے لئے تحفہ دینے کی نیّت نہیں ہونی چاہئے۔

❀ مدنی عَطیّات کے بستوں پر جمع شُدہ مدنی عَطیّات کی حفاظت کا بھی اہتمام فرمایئے اِس کی ایک صورت یہ بھی ہوسکتی ہے کہ جیسے جیسے مدنی عَطیّات کیش یا چیک کی صورت میں جمع ہوتے جائیں وقتاً فوقتاً یعنی ایک یا دو دن سے زیادہ اپنے پاس رکھنے کے بجائے تنظیمی ترکیب کے مطابق اپنے متعلقہ ذِمّہ دار یا مالیات مکتب میں مَدّات کی وضاحت اور مکمل تفصیل کے ساتھ مدنی عَطیّات جمع کروا کر **"مدنی عطیات رسید برائے ذمہ داران"** یا **"رسید برائے مکتب"** ضرور حاصل فرمائیں۔

❀ مدنی عَطیّات کے بستوں پر بینر بھی آویزاں کیجئے جس کا نمونہ درج ذیل ہے:

❀ بستے یکم رَمضان تا نمازِ عید روزانہ لگایئے جن کا دورانیہ کم وبیش 2 گھنٹے یا زائد ہو۔

❀ خصوصاً آخری عشرے کی ہر رات میں نُمایاں، بارونق اور محفوظ مقامات پر بستے لگانے کا لازمی اہتمام کیجئے۔

❀ نماز جُمُعہ سے قَبل لگائے جانے والے مدنی عَطیّات کے بستے جُمُعہ کی اذانِ اوّل شروع ہونے سے پہلے بند کر کے عَطیّات، مَدّات، ریکارڈ اور بستے کا دیگر سامان بحفاظت رکھ لیا جائے اور پھر بیان وخُطبہ اور نماز میں شرکت کی جائے۔

❀ جن نمازوں سے پہلے مدنی عَطیّات کے بستے لگائے جائیں وہاں خصوصاً سنتِ قَبلِیّہ اور نمازِ باجماعت کا اِہتمام فرمایئے۔ یونہی فرائض سے فارغ ہو کر سنتِ بَعدِیّہ ادا کرنے کے بعد ہی بستہ لگایئے کیونکہ نمازوں کا اِہتمام ہر حال میں ضروری ہے۔

❀ رَمَضانُ المبارک کی ستائیسویں شب سے ہر نماز کے بعد مساجد کے اندر یا باہر (جہاں اجازت ہو) اِسی طرح عیدُ الفِطْر کے دن عید گاہ اور قبرستان کے راستوں اور داخلی اور خارجی دروازوں پر بھی ''مدنی عَطیّات'' کے بستے لگائے جائیں۔

❀ جن جگہوں پر اِختلافی صورت کا اندیشہ ہو وہاں حکمتِ عَملی کے تحت کچھ فاصلے پر بستے لگائے جائیں تا کہ کسی قسم کے مسائل کا سامنا نہ ہو۔

مَدّاتِ واجِبہ اور مَدّاتِ مخصوصہ سے مُتَعلِّق چند اَہم احتیاطیں

سوال: عَطیّات کن اَلفاظ کے ساتھ وُصول کیے جائیں اور رسید بُک وغیرہ پر اُن کا اِندِراج کس طرح کیا جائے؟

عَطیّات دینے والے سے اگر براہِ راست نفلی عَطیات کی وُصولی کی ترکیب بن رہی ہو تو حتّی الامکان ترغیب دلاکر''دعوتِ اسلامی کے ہر نیک وجائز کام میں خرچ کرنے'' کی اجازت کے ساتھ وُصول فرمایئے کیونکہ بعض ''مَدّاتِ مخصوصہ'' مثلاً: مخصوص تعمیرات وغیرہ کے اَخراجات محدود یعنی کم ہوتے ہیں اور بچ جانے والی رقم عرصۂ دراز تک رُکی رہتی ہے، یا اس میں کچھ دیگر پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جبکہ ہر نیک و جائز کام میں خرچ کی اجازت سے لئے گئے ''عَطیّاتِ نافِلہ'' دعوتِ اسلامی کے مختلف شعبہ جات میں سے کسی بھی شعبے میں شرعی رہنمائی کے ساتھ خرچ کیے جاسکتے ہیں۔

۞ اگر کوئی اسلامی بھائی مَدّاتِ مخصوصہ کیلئے ہی عَطیات دینا چاہے تو بھی وُصول کیے جاسکتے ہیں لیکن ''مَدّاتِ مخصوصہ'' کی آمدن کا حساب ہر مَد کے اعتبار سے الگ الگ تیار کیا جائے۔

۞ بعض اسلامی بھائی زکوٰۃ کسی خاص کام یا خاص مقصد مثلاً جامعہ، مَدرَسہ وغیرہ کے لئے بھی دیتے ہیں تو ایسی صورت میں رسید اور ریکارڈ دونوں میں مَد اور مقصد دُرُست اور واضح طور پر درج فرمایئے۔

۞ اگر کوئی اسلامی بھائی نیاز کے لئے رقم دینا چاہیں تو اُن کو یہ ذہن دیجئے کہ ''نیاز کا مقصد ایصالِ ثواب ہے لہٰذا آپ جن بُزُرگ کی نیاز دلانا چاہتے ہیں اُن کے اِیصالِ ثواب کے لئے لنگرِ رَضویّہ کی مَد میں دے دیجئے یا پھر دعوتِ اسلامی کے ہر نیک وجائز کام میں خرچ کرنے کی اِجازت کے ساتھ دے دیجئے، دعوتِ اسلامی

کے جن جن نیک کاموں میں اِن عَطیّات کو خرچ کیا جائے گا اُس کا ثواب اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اُن بُزُرگ کو پہنچتا رہے گا۔" لنگرِ رضویہ کی تعریف والفاظ اگلے مدنی پھول میں ملاحظہ فرمائیں۔

❁ لنگرِ گیارہویں، لنگرِ بارہویں، لنگر 15 رجب (کونڈوں کی نیاز)، شبِ معراج، شبِ براءت اور شبِ قدر کی مَد میں بھی عَطیّات لئے جاسکتے ہیں، لیکن بہتر یہ ہے کہ لنگرِ رَضویہ کی مَد میں عَطیّات وُصول کئے جائیں اور عَطیّات دینے والے سے اِن الفاظ کے ساتھ عَطیّات لئے جائیں "آپ اپنی یہ رقم **رَمَضانُ الْمُبارَک کی سحری واِفطاری، بڑی راتوں اور دیگر مواقع پر غریب و امیر، معتکف وغیر معتکف، روزہ دار و بے روزہ دار سبھی کو کھانا کھلانے اور اِن میں اشیائے خورد و نوش تقسیم کرنے، دریاں، تھال اور ڈیکوریشن کا سامان خریدنے یا کرائے پر لینے نیز ان کے علاوہ ہر طرح کے نیک اور جائز کاموں میں خرچ کرنے کی دعوتِ اسلامی کو مکمل اِجازت دے دیجئے۔**"

❁ لنگرِ رَضویہ کے لئے صرف اور صرف صَدَقاتِ نافِلہ ہی وُصول کیجئے کیونکہ لنگرِ رَضویہ میں امیر وغریب سبھی شریک ہوتے ہیں لہٰذا اِس کے لئے زکوٰۃ، فِدیہ بلکہ صَدَقاتِ واجِبہ کی بیان کردہ اَقسام میں سے کوئی بھی قِسم ہرگز ہرگز وُصول نہ کیجئے اور نہ ہی کسی کو اِس کی ترغیب دیجئے۔

❁ یونہی تقسیمِ رسائل اور دارُ المدینہ کے لئے بھی عَطیّاتِ واجِبہ کی ترغیب نہ دلایئے بلکہ دعوتِ اسلامی کے شعبہ جات کی تفصیلات بتا کر اُن کا ذہن بنایئے اور دعوتِ اسلامی کیلئے وُصول فرمایئے، اگر کوئی مذکورہ مدّات یعنی لنگرِ رَضویہ، تقسیمِ رسائل یا دارُ المدینہ

کے لئے ہی عَطیّات دینا چاہے تو اس کے مخصوص کردہ اَلفاظ کے مُطابق اِجازت کے ساتھ صرف اور صرف عَطیّاتِ نافِلہ ہی وُصول کیجئے۔

❀ اگر صَدَقاتِ واجِبہ دینے والے نے فقیر مُتعیّن کر دیا (مثلاً سیلاب زَدگان یا جامعہ کے طَلَبہ یا پھر مَدْرَسے کے طَلَبہ وغیرہ کیلئے) تو رسید پر مقصد کے کالَم میں اُسے لازمی درج کیجئے۔

❀ مَدّاتِ مخصوصہ، مَدّاتِ واجِبہ اور مَدّاتِ نافِلہ میں سے ہر ایک کو الگ الگ ہی رکھئے اور اِن کے ریکارڈ بھی الگ الگ ہی ترتیب دیجئے تاکہ آپس میں مَدّات مِل جانے کا اندیشہ ہی نہ رہے۔

❀ عَطیّاتِ واجِبہ مثلاً قَسَم کے کَفّارے، نماز کے فِدیے، روزے کے فِدیے اور مَنّت وغیرہ میں سے کوئی مَد وُصول ہو تو اُس کی مکمل تفصیلات ضرور معلوم کیجئے مثلاً کتنی قَسموں کے کفارے ہیں؟ کتنی نمازوں یا روزوں کے فِدیے ہیں؟ اسی طرح مَنّت کے مکمل اَلفاظ وغیرہ بھی معلوم کر کے رسید پر اس کا بھی اِندِراج کیجئے، نیز رقم دینے والے کا فون نمبر رسید پر ضرور درج فرمائیے تاکہ اگر مزید تفصیلات معلوم کرنے کی ضرورت ہو تو رابطہ کیا جاسکے۔

جھولی اور بستے کے لئے الفاظ و احتیاطیں

سوال کیا جھولی بھی مدنی عَطیّات جمع کرنے کا ذریعہ ہے؟ اگر ہے تو اس کی احتیاطیں اور محتاط الفاظ بیان فرما دیجئے۔

جواب دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات، بڑی راتوں کے اجتماعات، جُمُعہ و عیدین، عیدگاہوں، قبرستانوں، مساجد، مین بس اسٹاپ، پٹرول پمپ، ریلوے

اسٹیشن، سبزی منڈیوں، لاری اڈوں، کچہریوں، ڈاک خانوں، ہسپتالوں، اولیائے کرام رَحِمَهُمُ الله کے مزاروں، بازاروں، مارکیٹوں اور شاپنگ سینٹرز وغیرہ میں جہاں بھیڑ کی وجہ سے لوگ جلد سے جلد مدنی عَطیّات دے کر نکلنا چاہتے ہیں، ان مقامات پر بالخصوص اورنگرانِ کابینہ یا ڈویژن مُشاوَرت نگران یا مالیات ذمہ دار کی مُشاوَرت سے طے شُدہ محفوظ مقامات پر بالعُموم مدنی عَطیّات کی جھولی و بستے کا لازمی اِہتمام کیجئے۔

۞ جھولی و بستے کے ذریعے مدنی عَطیّات وُصول کرنے والے اسلامی بھائیوں کی پہلے اچھی طرح تَربِیَت کی جائے اور اُس کے بعد ہی یہ اَہَم کام اُن کے سِپُرد کیا جائے ورنہ تھوڑی سی بے احتیاطی شدید نقصان کا سبب بن سکتی ہے، عَطیّات کی وُصولی کا اعلان ہوتے ہی محبت کا اِظہار کرتے ہوئے ہر کسی کا جھولی لے کر کھڑے ہو جانا دُرُست نہیں، جھولیاں صرف وہی اسلامی بھائی لے کر کھڑے ہوں جن کی باقاعدہ تَربِیَت کی گئی ہو اور خاص طور پر یہ کام اُنہیں سونپا گیا ہو۔

۞ مدنی مرکز کی طرف سے جھولیوں کے لئے جس رنگ کی تخصیص کی گئی ہے صرف اُسی رنگ کی جھولیوں کی ترکیب بنایئے، لہٰذا ذِمّہ داران کو چاہئے کہ اُس مخصوص رنگ کی جھولیوں کے کپڑے پہلے سے تیار رکھیں اور تَربِیَت یافتہ اسلامی بھائیوں کو پیشگی دے دیں تاکہ صرف وہی جھولیاں مدنی عَطیّات کے لئے استعمال کی جائیں نیز اُسی مخصوص رنگ کے کپڑوں کا اعلان کیا جائے، مدنی ماحول میں کثرت سے پائے جانے والے رنگ مثلاً سفید (White)، سبز (Green)، کتھئی (Brown) رنگ کے

کپڑوں میں مدنی عَطیّات کے لئے جھولی لگانے سے اِجتناب کریں۔

❁ بہترین طریقۂ کار یہ ہے کہ جھولی صرف صَدَقات نافِلہ کے لئے لگائی جائے اور صَدَقاتِ واجِبہ (مثلاً زکوٰۃ، فطرہ، عُشر وغیرہ) اور مَدّاتِ مخصوصہ (مثلاً مسجد، مدرَسہ، جامعہ وغیرہ) کے لئے جھولی کے بجائے الگ سے بستہ لگایئے اور بستے پر تفصیلات کے ساتھ اِن مَدّات کو وُصول فرمایئے، مدنی عَطیّات کے بستے پر بینر بھی آویزاں ہو اور رسید بُک بھی موجود ہو اور اس صورت میں درج ذیل محتاط الفاظ کے مُطابق اعلانات کیجئے:

صَدَقاتِ نافِلہ کی جھولی کے محتاط الفاظ

''دعوتِ اسلامی کے ہر نیک و جائز کام کے لئے اپنے نفلی صَدَقات اِس جھولی میں ڈالئے اور اپنی زکوٰۃ، فطرہ اور دیگر مدنی عطیات بستے پر جمع کروا کر رسید ضرور حاصل کیجئے۔''

مدنی عَطیّات کے بستے پر صدا لگانے کے محتاط الفاظ

''اپنی زکوٰۃ، فطرہ اور دیگر عطیاتِ واجبہ دعوتِ اسلامی کو دیجئے اور رسید ضرور حاصل کیجئے۔''

نوٹ: جھولی و بستے کے درمیان اتنا فاصلہ ہو کہ دونوں کی صدائیں مکس نہ ہوں تاکہ سننے والے کو غلط فہمی نہ ہو۔

رسید بُک کے حوالے سے اَہَم ہدایات اور احتیاطیں

سوال: مدنی عَطیّات جمع کروانے کی ترغیب کب سے شروع کی جائے؟

جواب: چونکہ اکثر مسلمان رَجَبُ الْمُرَجَّب، شَعْبانُ الْمُعَظَّم اور رَمَضانُ

الْمُبارَک میں اپنے مدنی عَطیّات جمع کرواتے ہیں، لہٰذا یکم رَجَبُ الْمُرَجَّب سے ہی مدنی عَطیّات جمع کروانے کی ترغیب اور وُصولی کی ترکیب شروع فرما دیجئے۔

۞ مدنی عَطیّات جمع کرنے کی رسیدیں جن اسلامی بھائیوں کو جاری کی جائیں اُن کی مکمل تفصیلات (نام، فون نمبر، ایڈریس، تنظیمی ذِمّہ داری، کابینہ اور کابینات وغیرہ) نیز رسید بُک نمبر اور رسید بُک کا سیریل بھی مالیات مکتب کی طرف سے دیئے گئے **رسید بُک اجراء رجسٹر/ فارم** پر ضرور تحریر فرمائیے۔

۞ دعوتِ اسلامی کے لئے مدنی عَطیّات کی وُصولی کرتے وقت رسید میں موجود تمام تفصیلات (مثلاً نام، فون نمبر، ایڈریس، ای میل ایڈریس وغیرہ) میں سے جس قدر ممکن ہو معلوم کر کے درج کیجئے اِسی طرح رسید پر تحریر مَدّات (زکوٰۃ، فطرہ، عُشر وغیرہ) کے آگے اِن ہی مَدّات کی رقم درج فرمائیے۔ عَطیّات رسید پُر کرنے کا مکمل طریقہ جاننے کیلئے اسی رسالہ کے صفحہ 39 پر پُر کی ہوئی رسید کا نمونہ ملاحظہ فرمائیے۔

یاد رہے! ذرا سی غفلت یا جلد بازی کی وجہ سے مَدّات کو واضح نہ کرنا کسی کی زکوٰۃ یا فطرہ ضائع ہونے کا سبب بن سکتا ہے، لہٰذا مدنی عَطیّات کی وُصولی کے وقت مدنی عَطیّات کی مَدّات کا مکمل اِندِراج رسید پر کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے پاس موجود رجسٹر یا کاپی وغیرہ میں لازمی کر لیجئے تاکہ کسی بھی صورت میں مَدّات کی تفصیلات ضائع ہونے کا اندیشہ نہ رہے۔

۞ مدنی عَطیّات دینے والے کا فون نمبر رسید پر دستخط کے ساتھ ضرور درج فرمائیے تاکہ مجلسِ مالیات یا اِفتاء مکتب کو مدنی عَطیّات سے متعلق کسی بھی قِسم کی

تفصیلات معلوم کرنی ہوں تو رابطہ کیا جاسکے، اِسی طرح اگر کوئی اسلامی بھائی کسی اَور کی طرف سے مدنی عَطیّات جمع کروائے تو مدنی عَطیّات بھیجنے والے اور مدنی عَطیّات لانے والے دونوں کی تفصیلات رسید پر درج کیجئے۔

❁ دعوتِ اسلامی کے لئے مدنی عَطیّات دینے والے ہر اسلامی بھائی کو مجلسِ مالیات کی طرف سے جاری کردہ مدنی عَطیّات کی رسید ضرور دیجئے ، اگر کوئی اسلامی بھائی یہ کہہ کر رسید لینے سے اِنکار کرے کہ ''**مجھے دعوتِ اسلامی پر بھروسہ ہے**'' تب بھی ذہن بنا کر رسید پیش کرنے کی کوشش فرمایئے کیونکہ اِس طرح دعوتِ اسلامی کا پیغام بذریعہ رسید گھر کے کئی اَفراد تک پہنچ سکتا ہے۔

❁ علاقہ/شہر/ڈویژن/کابینہ کسی بھی سطح کا ذِمّہ دار ہواُسے چاہئے کہ جاری کی گئی رسید بُکس (Book's) اور ان کے مطابق جمع شدہ **مدنی عَطیّات مَدّات کی وضاحت کے ساتھ** مکمل ریکارڈ اور بچ جانے والی رسیدیں شَوَّالُ الْمُکَرَّم کے ابتدائی 5 دنوں کے اندر اندر اپنے متعلقہ ذِمّہ دار کو جمع کروا کر ''**مدنی عَطیّات رسید برائے ذمہ داران**'' لازمی حاصل کرے۔

نقدی (CASH) کے مُتَعلِّق اَہم ہدایات اور احتیاطیں

سوال نقدی (CASH) اور انعامی بانڈز کی صورت میں ملنے والے مدنی عَطیّات وُصول کرنے سے متعلق احتیاطیں بیان فرما دیجئے۔

جواب کیش کی صورت میں وُصول کئے جانے والے مدنی عَطیّات ہاتھوں ہاتھ چیک فرمالیجئے، ایسے نوٹ بطورِ عَطیّات ہرگز وُصول نہ کیجئے جو جعلی ہوں یا بند ہو چکے

ہوں یا اُن کی حالت ایسی ہو کہ بینک بھی وُصول نہ کرتا ہو البتہ ایسی صورتِ حال میں بحث و مُباحثہ اور سخت کلامی سے اجتناب کرتے ہوئے حکمتِ عَمَلی اور حُسنِ اَخلاق سے کام لیجئے۔

❁ گورنمنٹ کی طرف سے جاری کردہ انعامی بانڈز بھی عَطیّاتِ نافِلہ یا واجِبہ کے طور پر لئے جاسکتے ہیں، اِنعامی بانڈز کا حکم بھی کیش کی طرح کا ہے یعنی جس طرح کیش کی حفاظت کا اِنتظام کیا جاتا ہے بالکل اسی طرح ان کی بھی حفاظت کا اِنتظام کرنا چاہئے اور بانڈز وُصول کرنے کی صورت میں رسید پر دیگر تفصیلات کا اِندِراج کرتے وقت بانڈ کا نمبر اور اُس کی مالیت ضرور تحریر کیجئے اور مالیات مکتب میں وہی بانڈز جمع کروایئے، بانڈز کو تبدیل کرنے یا اَز خود کیش کروانے کی ہرگز اجازت نہیں۔

سوال: مدنی عَطیّات میں اگر غیر مُلکی کرنسی، سونا، چاندی یا کوئی اور قیمتی دھات وغیرہ موصول ہو تو کیا اُسے فروخت کرکے رقم مجلسِ مالیات کو جمع کرواسکتے ہیں؟

جواب: عَطیّاتِ واجبہ یا نافلہ میں سونا، چاندی یا غیر مُلکی کرنسی وغیرہ میں سے جو چیز جس صورت میں مَوصول ہو اُسی صورت میں متعلقہ مالیات مکتب میں جمع کروایئے۔

❁ اس بات کا خیال رکھئے کہ عَطیّاتِ واجِبہ اور نافِلہ اس طرح مِکس نہ ہونے پائیں کہ اِمتیاز ہی نہ رہے کہ کون سے واجِبہ تھے اور کون سے نافِلہ، کیونکہ اس معاملے میں ذرا سی غفلت و بے اِحتیاطی سے تاوان لازم ہوسکتا ہے۔

❁ عَطیّات کے مہینے (یعنی رَجب، شَعبان، رَمضان) ہوں یا عام دن، کیش کی صورت میں مَوصول ہونے والے مدنی عَطیّات ضرورتاً ایک یا دو دن سے زیادہ اپنے پاس

گھر، مَدْرَسے یا جامعہ وغیرہ میں نہ رکھیں کہ مدنی عَطیّات جتنی زیادہ جلدی مدنی مرکز کو جمع کروائیں گے اتنی ہی جلدی آپ اور جن کے عَطیّات ہیں دونوں بریٔ الذمّہ ہوسکیں گے، بلا وجہ تاخیر کرنے کی صورت میں آزمائش ہی آزمائش ہے، لہٰذا تنظیمی ترکیب کے مُطابق مدنی عَطیّات اپنے متعلقہ ذِمّہ دار یا مالیات مکتب میں مَدّات کی وضاحت اور مکمل تفصیل کے ساتھ فوری طور پر جمع کرواکر ''مدنی عطیات رسید برائے ذمہ داران'' یا ''رسید برائے مکتب'' ضرور حاصل فرمائیں۔

۞ اگر کیش فوری طور پر جمع کروانا ممکن نہ ہو تو حفاظت کے ساتھ کسی محفوظ جگہ پر رکھئے اور اس بارے میں اپنے متعلقہ ذِمّہ داران کو بھی مُطّلع فرما دیجئے اور پھر جیسے ہی ممکن ہو فوری طور پر متعلقہ ذِمّہ دار یا مالیات مکتب میں جمع کروا دیجئے، یاد رہے! ایسی صورت میں حفاظت کا بھرپور اِہتمام ہونا چاہئے، جان بوجھ کر سُستی کرنا آپ کیلئے آزمائش کا سبب بن سکتا ہے، نیز نقصان کی صورت میں تاوان بھی لازم آسکتا ہے، بہر حال محتاط سدا سُکھی رہتا ہے۔

۞ مجالس وشعبہ جات کے ذِمّہ داران اپنے متعلقہ ذِمّہ دار کو عَطیّات جمع کرواتے وقت عَطیّات رسید ضرور حاصل فرمائیں اور اِس پر مکمل تفصیلات کا اِندِراج بھی چیک فرمالیں۔

۞ ''مدنی عَطیّات رسید برائے ذمہ داران'' پر عَطیّات جمع کروانے والے اور جمع کرنے والے دونوں ذمہ داران کی تفصیلات (نام، ایڈریس، فون نمبر، ذِمّہ داری وغیرہ) اور مدنی عطیّات کی مدّات کی مکمل تفصیلات ضرور لکھیں، ''مدنی عَطیّات رسید برائے

ذمہ داران'' کا پُر کیا ہوا نمونہ اسی رسالے کے صفحہ 41 پر مُلاحظہ کیجئے۔

❁ تمام ذِمّہ داران اپنے ماتحت اسلامی بھائیوں سے عَطیّات وُصول کرتے وقت ''مدنی عَطیّات رسید برائے ذمہ داران'' ہی استعمال فرمائیں اور اسی پر وُصولی دیں، اگر مَدّات زیادہ ہوں اور رسید پر کالم کم ہوں تو دوسری رسید پر اِندِراج فرمائیں، رسید کی پچھلی طرف یا اَطراف میں مَدّات کی تفصیلات کا اِنْدِراج نہ فرمائیں۔

❁ نمازِ عید کے لئے جاتے ہوئے یا اِس قسم کے دیگر مواقع پر اکثر لوگ جلدی میں ہوتے ہیں اور بعض اوقات فطرے سے زیادہ رقم یہ کہہ کر دے جاتے ہیں کہ اتنی رقم فطرہ ہے اور باقی عَطیّاتِ نافِلہ یا ہر نیک وجائز کام کیلئے ہے، ایسے لوگ جلدی کی وجہ سے عُموماً رسید نہیں لے پاتے ایسی صورت میں بستے پر موجود اسلامی بھائیوں کو چاہئے کہ عَطیّاتِ واجبہ اور نافلہ کی رقم فوری طور پر نوٹ فرمالیں بصورتِ دیگر اِن کے آپس میں مِکس ہوجانے اور تاوان کی صورت بننے کا قوی اندیشہ ہے۔

مدنی مشورہ اپنے پاس ہر وقت قلم اور مدنی پیڈ یا ڈائری وغیرہ رکھئے اور اِن کا بَرْوَقْت استعمال بھی کیجئے۔

چیک اور بینک کے حوالے سے اَہَم ھدایات اور احتیاطیں

سوال مدنی عَطیّات میں اگر کوئی چیک دے تو وُصول کر سکتے ہیں یا نہیں؟ اگر وُصول کر سکتے ہیں تو اس کا طریقہ بھی ارشاد فرمادیجئے۔

جواب مدنی عَطیّات کے چیک خواہ صَدَقاتِ واجبہ (مثلاً زکوٰۃ، فطرہ، عُشر وغیرہ) کے لئے ہوں یا نافلہ کے لئے، وُصول کئے جاسکتے ہیں لیکن چیک بنواتے اور وُصول

کرتے وقت اس بات کو ضرور مدِّ نظر رکھیں کہ ''کراس چیک'' دعوتِ اسلامی (Dawateislami) کے نام پر بنوائیں اور وہی چیک ڈویژن مالیات ذِمّہ دار یا متعلقہ مالیات مکتب میں جمع کروائیں، اپنے یا کسی اَور کے ذاتی اکاؤنٹ میں جمع کروا کر اس کے بدلے اپنا یا کسی اَور کا چیک جمع کروانے کی تنظیمی طور پر ہرگز اجازت نہیں۔

❁ اگر کوئی اسلامی بھائی اکاؤنٹ کی تفصیلات طَلَب کریں تو اُنہیں زکوٰۃ فطرہ، لنگرِ رضویہ اور نفلی صدقات کے اکاؤنٹس کی الگ الگ تفصیل (جو کہ اس رسالے کے صفحہ 42 پر بھی دی گئی ہے) وضاحت کے ساتھ بتایئے اور ساتھ ہی ساتھ اُن کا یہ ذہن بھی بنایئے کہ آپ جیسے ہی کوئی عَطیّات متعلقہ اکاؤنٹ بالخصوص زکوٰۃ وفطرہ والے اکاؤنٹ میں کسی بھی ذریعے سے ٹرانسفر یا ڈپوزٹ فرمائیں تو ٹرانسفر یا ڈپوزٹ کی رسید کے ساتھ donations@dawateislami.net پر ای میل یا واٹس ایپ (Whats App) نمبر 03327331516 پر میسج یا 03158272203 پر ایس ایم ایس کے ذریعے ضرور مُطّلع فرمائیں کہ آپ نے کس اکاؤنٹ میں؟ کس تاریخ کو؟ کس مَدْ میں؟ کتنی رقم جمع کروائی ہے؟ تاکہ آپ کی زکوٰۃ، فطرہ ودیگر واجبات بروقت ادا کئے جاسکیں، اگر آپ کی طرف سے اِطّلاع ملنے میں تاخیر ہوئی تو ممکن ہے کہ آپ کی زکوٰۃ تاخیر سے ادا ہو اور زکوٰۃ کی ادائیگی میں تاخیر کرنا گناہ ہے۔ یاد رہے! اگر بینک معمول کے مطابق کھلے رہے تو آپ کے صَدَقاتِ واجبہ دعوتِ اسلامی کے بینک اکاؤنٹ میں کلئیر ہوجانے کی صورت میں تقریباً 15 سے 20 دن کے اندر اندر ادا کئے جاسکیں گے۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

❀ عَطیّاتِ واجبہ یا نافلہ اگر شہر سطح کے مالیات کے اکاؤنٹ میں جمع کروائیں تو اُس کی رسید کی کاپی بھی اپنے پاس ضرور محفوظ رکھئے اور مالیات میں اِنْدِراج کروانے اور ''رسید برائے مکتب'' حاصل کرنے کے لئے بینک کی اصل رسید (Original Bank Slip) اپنے ساتھ لیتے آیئے۔

❀ عُموماً پاکستان بھر سے دعوتِ اسلامی کے اکاؤنٹ میں عَطیّات جمع کروانے پر بینک کی طرف سے کوئی اَخراجات (Charges) نہیں مگر اِس کے باوجود اگر آپ کے یہاں کسی قسم کے اَخراجات (Charges) مانگے جائیں تو اِس کی ادائیگی مدنی عَطیّات سے نہ کیجئے بلکہ ایسی صورت میں پہلے متعلقہ مالیات مکتب سے رابطہ فرمایئے۔

چند مزید احتیاطیں

❀ بسا اَوقات مدنی مرکز کی طرف سے کسی مخصوص مَد کیلئے مدنی عَطیّات جمع کرنے کا اِعلان کیا جاتا ہے اور پھر اس کیلئے مدنی عَطیّات مُہم شُروع ہوجاتی ہے تو ایسی مَدّات میں ذاتی یادداشت کی بُنیاد پر اپنے الفاظ سے مدنی عَطیّات وُصول کرنے کی ہرگز ترکیب نہ بنایئے بلکہ اعلان کئے گئے الفاظ کے مُطابق ہی مدنی عَطیّات وُصول فرمایئے۔

❀ اگر کوئی سُود، جُوا یا رِشوت وغیرہ کی رقم عَطیّات میں دے تو ہرگز وُصول نہ کیجئے بلکہ ان سے عرض کر دیجئے کہ **''دعوتِ اسلامی کے مدنی عَطیّات میں اس قسم کی رقم وُصول نہیں کی جاتی''** البتّہ اگر نادانستہ طور پر آپ اِس قِسم کی رقم وُصول کرچکے ہیں تو دارُ الافتاء اہلسنت سے اِس کے بارے میں شرعی رہنمائی حاصل کیجئے اور ملنے

والی ہدایات کے مُطابق عمل کیجئے اور اگر دارُ الافتاء سے بعض مواقع پر وہ رقم صَدَقہ کرنے کا کہا جائے تو آپ اَزخود کسی فقیرِ شرعی کو ثواب کی نِیَّت کئے بغیر اَدا کر دیجئے، بہرصورت توبہ بھی کیجئے اور آئندہ نہ لینے کا عہد بھی کیجئے۔

❁ عَطِیّات گُم ہوجانے، کم ہوجانے، زیادہ ہوجانے یا چوری وغیرہ ہوجانے کی صورت میں فوراً تنظیمی ترکیب کے مُطابق متعلقہ ذِمّہ داران کے ذریعے مجلسِ مالیات کو تحریری طور پر تفصیلات سے آگاہ فرمائیے، ایسی صورت میں مجلسِ مالیات، اِفتاء مکتب سے شرعی رہنمائی حاصل کر کے آپ کو مسئلہ کی رہنمائی سے متعلق آگاہ کر دے گی، ضرورت پڑنے پر آپ کو اِفتاء مکتب میں بُلایا بھی جاسکتا ہے، بہرحال ملنے والی رہنمائی کے مُطابق ہی عمل کیا جائے، کہیں ایسا نہ ہو کہ یہاں (دُنیا) کی ذرا سی شرم بروزِ قیامت بارگاہِ خداوندی عَزَّوَجَلَّ میں شرمندگی کا باعث بن جائے۔ اَلْاَمَان وَالْحَفِیْظ

چندے سے مُتَعَلِّق چند شرعی مسائل

سوال کیا حج یا عمرے کے دَم یا بَدَنہ کی رقم عَطِیّاتِ دعوتِ اسلامی میں وُصول کی جاسکتی ہے؟

جواب حج یا عمرے کے دَم یا بَدَنہ کی رقم مدنی عَطِیّات میں ہرگز وُصول نہ کیجئے کیونکہ حج یا عمرے کا دَم یا بَدَنہ قربانی کی صورت میں حُدودِ حرم شریف میں ہی دینا ضروری ہوتا ہے۔

سوال کیا غیر مُسلم سے چندہ لیا جاسکتا ہے؟

جواب غیر مسلم یا بدمذہب سے چندہ لینے کی ہرگز اجازت نہیں۔ مزید تفصیل چندے

کے بارے میں سوال جواب کے صفحہ نمبر 19 پر مُلاحظہ فرمائیے۔

سوال کیا نابالغ کی ذاتی رقم مدنی عطیّات میں وُصول کی جاسکتی ہے؟

جواب نابالغ کی ذاتی رقم مدنی عطیّات میں ہرگز وُصول نہ فرمائیے، ہاں اگر نابالغ کے ذریعے اُس کے والدین یا سَرپَرَست اپنے ذاتی عطیّات بھیجیں تو وُصول کئے جاسکتے ہیں۔

سوال عُشر کی مَد میں اگر کوئی نقدی دے تو کیا وُصول کی جاسکتی ہے؟

جواب اگر کوئی شخص اپنی فصل کا عُشر وغیرہ بیچ کر اُس کی نقدی دے تو وُصول کی جاسکتی ہے البتہ عُشر میں وُصول شُدہ گندم وغیرہ کو حیلے سے پہلے خود بیچنے کی ہرگز اجازت نہیں۔

سوال کیا مدنی عطیّات کوئی اس نِیّت سے از خود خرچ کرسکتا ہے کہ میں نے جمع کئے ہیں، کچھ دنوں بعد مجلسِ مالیات کو جمع کروادوں گا؟

جواب دعوتِ اسلامی کے لئے وُصول کئے گئے مدنی عطیّات اپنے یا کسی اَور کے ذاتی مُعاملات پر خرچ کرلینے کی تنظیمی و شرعی طور پر ہرگز اجازت نہیں، ایسا کرنے پر توبہ اور تاوان دونوں لازم آسکتے ہیں۔

سوال عطیّاتِ دعوتِ اسلامی میں "مَنّت" کی رقم وُصول کرنے کا طریقہ ارشاد فرمادیجئے۔

جواب مَنّت کے حوالے سے مدنی عطیّات مَوصول ہوں تو کسی پرچے پر مکمل تفصیلات لکھ/لکھوا کر رسید کے ساتھ ضرور مُنسلک فرمائیں کہ مَنّت کیا مانی تھی اور اس کے اَلفاظ کیا

تھے؟ مثلاً میں امتحان میں کامیاب ہوگیا تو 500 رُوپے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی راہ میں دعوتِ اسلامی کو دوں گا یا فیضانِ مدینہ میں دوں گا، اگر میرا فلاں کام ہوگیا تو میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی راہ میں 1000 رُوپے دوں گا وغیرہ تاکہ شرعی رہنمائی کے مطابق ہی ان عَطیّات کا استعمال کیا جا سکے کیونکہ بعض مَنّتیں واجب ہوتی ہیں اور بعض نَفْل لہٰذا تفصیل معلوم نہ ہونے کی صورت میں مسائل کا سامنا ہوسکتا ہے۔

سوال: مرحومین کی نمازوں اور روزوں کے فِدیے وُصول کرنے کا طریقہ ارشاد فرما دیجئے۔

جواب: اگر کوئی مرحومین کی طرف سے نمازوں یا روزوں کے فِدیے دینا چاہے تو اُسے "**مرحومین کی نمازوں اور روزوں کے فِدیے والا مَسْئَلہ**" جو کہ درج ذیل ہے، پڑھائیے یا پڑھ کر سُنائیے، اگر اِس کے مطابق ترکیب بنتی ہو تو وُصول فرما کر رسید پر ضرور تحریر فرمائیے۔

مرحومین کی نمازوں اور روزوں کے فِدیے کا مَسْئَلہ

❀ میّت کی عُمر معلوم کر کے اِس میں سے نو سال عورت کے لئے اور بارہ سال مَرد کے لئے نابالغی کے نکال دیجئے۔ باقی جتنے سال بچے اُن میں حساب لگائیے کہ کتنی مُدّت تک وہ (مرحومہ یا مرحوم) بے نمازی رہا یا کتنی نمازیں اس کے ذِمّے قضا کی باقی ہیں۔ زیادہ سے زیادہ اندازہ لگا لیجئے۔ بلکہ چاہیں تو نابالغی کی عُمر کے بعد سے بَقِیَّہ تمام عُمر کا حساب لگا لیجئے۔ اب فی نماز ایک صَدَقۂ فِطر خَیرات کیجئے۔ ایک صَدَقۂ فِطر کی مِقْدار دو کلو میں تقریباً 80 گرام کم گیہوں یا اُس کا آٹا یا اُس کی رقم

ہے اور ایک دن کی چھ نمازیں ہیں پانچ فرض اور ایک وِتْر واجب لہٰذا دو کلو میں 80 گرام کم گیہوں کی رقم مَثَلاً 100 روپے ہو تو ایک دن کی نمازوں کے 600 روپے، 30 دن کے اٹھارہ ہزار (18,000) روپے اور بارہ ماہ کے دو لاکھ، سولہ ہزار (2,16,000) روپے ہوئے۔ اب اگر کسی مَیِّت پر 50 سال کی نمازیں باقی ہیں تو اُن کا فِدیہ ادا کرنے کے لئے ایک کروڑ، آٹھ لاکھ (1,08,00,000) روپے خَیرات کرنے ہوں گے۔

❁ روزوں کا حساب بھی بالکل اِسی طرح لگایئے کہ کتنی مُدّت تک وہ (مرحومہ یا مرحوم) روزے نہ رکھ سکا یا کتنے روزے اُس کے ذِمّے قضا کے باقی ہیں۔ زیادہ سے زیادہ اندازہ لگا لیجئے، بلکہ چاہیں تو نابالغی کی عُمر کے بعد سے بَقِیَّہ تمام عُمر کا حساب لگا لیجئے، اب فی روزہ ایک صَدَقۂ فِطر خَیرات کیجئے، ایک صَدَقۂ فِطر کی رقم اگر 100 روپے ہو تو ایک دن کے روزے کے 100 روپے اور 30 دن کے 3000 روپے ہوئے، اب اگر کسی مَیِّت پر 50 سال کے روزے باقی ہیں تو 50 سال کے روزوں کے فِدیے ادا کرنے کے لئے ایک لاکھ پچاس ہزار (1,50,000) روپے خَیرات کرنے ہوں گے۔

❁ نیز فِطرے کی رقم کا حساب بھی گیہوں کے موجودہ بھاؤ سے لگانا ہوگا۔ اگر وُرَثا اپنے مرحومین کے لئے یہ عمل کریں تو یہ مَیِّت کی زبردست اِمْداد ہوگی، اِس طرح مرنے والا بھی اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ فرض کے بوجھ سے آزاد ہوگا اور وُرَثا بھی اَجر و ثواب کے مُسْتَحِق ہوں گے۔ بعض حضرات مسجد وغیرہ میں ایک قرآنِ

کریم کا نُسخہ دے کر اپنے مَن کو مَنا لیتے ہیں کہ ہم نے مرحوم کی تمام نمازوں یا روزوں کافِدیہ اَدا کر دیا تو یہ محض اُن کی غلط فہمی ہے۔نماز کے فِدیے کے بارے میں تفصیلی اَحکامات سیکھنے کے لئے بہارِ شریعت حِصّہ چہارم سے باب ''نماز کا بیان'' کامُطالعہ فرمایئے۔

❁ اگر کوئی زندہ کی طرف سے روزوں کا فِدیہ دینا چاہے تو اُسے ''زندہ شیخِ فانی کے روزوں کے فِدیوں والا مَسْئلہ'' جوکہ درج ذیل ہے، پڑھائیں یا پڑھ کر سنائیں، اگر اس کے مُطابق ترکیب بنتی ہو تو وُصول فرمائیں۔

زندہ شیخِ فانی کے روزوں کے فِدیے کا مَسْئَلہ

❁ ہر شخص کو روزے کافِدیہ دینے کی اجازت نہیں بلکہ یہ حکم ایسے شخص کے لئے ہے جو بڑھاپے کے سبب اتنا کمزور ہو گیا ہو کہ اب روزے رکھنے کی قدرت پانے کی اُمید ہی نہ رہی ہو (نہ گرمی میں، نہ سردی میں، نہ لگاتار، نہ مُتَفَرِّق یعنی علیحدہ علیحدہ طور پر) تو ایسے شخص کو روزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے، ایسا شخص فی روزہ ایک فدیہ یعنی ایک صَدَقۂ فِطر خیرات کر سکتا ہے لیکن اگر فِدیہ دینے کے بعد وہ شخص روزہ رکھنے پر قادِر ہو گیا تو جو روزے قضا ہوئے تھے اور اُن کے فِدیے دے چکا تھا اُن روزوں کی قضا لازم ہو گی اور ایسی صورت میں جو فِدیے دے چکا تھا وہ نَفْل ہو جائیں گے۔

❁ اگر کوئی شخص بڑھاپے کے علاوہ کسی بیماری کے سبب یا کسی اَور صحیح وجہ سے روزے نہیں رکھ پاتا تو فِدیہ دینے کی اجازت نہیں بلکہ تندرُست ہونے یا اُس صحیح وجہ کے ختم

ہونے کا انتظار کرے اور تندرُست ہو جانے پر اُن روزوں کی قضا کرے اور اگر بیماری سے صِحّت یاب ہونے کی اُمید ہی نہیں بلکہ یقین ہو چلا ہے کہ اب مَوت ہی آ جائے گی تو ایسی صورت میں اُن روزوں کے فدیہ کی ادائیگی کیلئے وصیّت کرے۔

❁ کَفّارہ قَسَم کا ہو یا روزے کا اِسی طرح فدیہ نماز کا ہو یا روزے کا بلکہ عام صَدَقۂ فِطر میں بھی اُس جگہ کا اعتبار کیا جائے گا جہاں وہ رہتا ہے یعنی اگر کوئی شخص مدینے شریف میں رہتا ہے اور اپنی قَسَم کا کَفّارہ پاکستان میں اَدا کرنا چاہتا ہے تو (خواہ وہ صَدَقۂ فِطر کی ادائیگی بیرونِ مُلک کرنسی میں کرے یا بیرونِ مُلک کرنسی کے اعتبار سے پاکستانی کرنسی میں) مدینے شریف کے صَدَقۂ فِطر کی رقم کا اعتبار کیا جائے گا۔ روزے کے فِدیے کے بارے میں تفصیلی اَحکامات سیکھنے کے لئے بہارِ شریعت حِصّہ پنجم سے باب **"روزہ کا بیان"** کا مُطالعہ فرمائیے۔

نوٹ: فی الحال لَوٹ پھیر کرنے کی سہولت میسر نہیں لہٰذا آپ خود ہی لَوٹ پھیر کر کے دیجئے، ہم آپ کی رقم لوٹ پھیر کے بغیر شرعی فقیر کو اَدا کر دیں گے۔

❁ اگر کوئی اسلامی بھائی مزید تفصیلات جاننا چاہے تو اُسے رابطے کیلئے دارُالافتاء اہلسنّت کے نمبرز دے دیجئے، دارُالافتاء اہلسنّت سے اندرونِ مُلک و بیرونِ مُلک رابطے کیلئے نمبرز اِسی رسالے کے صفحہ نمبر 44،43 پر ملاحظہ فرمائیں۔

سوال: اگر کوئی قَسَم کے کَفّارے کی رقم دعوتِ اسلامی کو دینا چاہے تو کس حساب سے وُصول کی جائے؟

جواب: قسم کے کَفّارے کی مَد میں عَطیّات موصول ہوں تو وُصول کرتے وقت

اس بات کا خاص خیال رکھئے کہ ایک قَسَم کے کفّارے کی مَد میں **10** صَدَقۂ فِطر کی رقم وُصول کی جائے گی یعنی اگر صَدَقۂ فِطر **100** روپے ہو تو ایک قَسَم کے کفّارے میں **1000** روپے وُصول کئے جائیں گے۔

یادرہے! قَسَم کے کفّارے کا فارم اب ہر رسید بُک میں موجود ہے، ضرورتاً اس کی کاپیاں کروا کر رکھ لیجئے، آپ کی سہولت کیلئے اِس رسالے کے صفحہ 40 پر پُر کیا گیا نمونہ بھی دیا گیا ہے، اس فارم پر دی گئی ہدایات کے مُطابق ہی قسم کے کفّارے وُصول فرمائیے اور قَسَم کے کفّارے کا فارم رسید کے ساتھ مُنسَلِک فرمائیے۔

سوال: صَدَقۂ فِطر کی مقدار ارشاد فرما دیجئے۔

جواب: ایک صَدَقۂ فِطر کی مِقدار **1920** گرام (یعنی دو کلو میں **80** گرام کم) گندم یا اُس کا آٹا یا اُس کی قیمت ہے، اِس سے کم وُصول نہ فرمائیں کیونکہ کم وُصولی کی صُورت میں ادائیگی نہیں ہوسکے گی البتہ اگر کوئی زیادہ جمع کروانا چاہے مثلاً ایک صَدَقۂ فِطر کی مقدار اگر **100** روپے مُتعیّن کی گئی ہو اور دینے والا **112** یا **126** کے حساب سے دے تو وُصولی کی جاسکتی ہے، لیکن یادرہے! ایسی صورت میں زائد ملنے والی رقم کو رسید میں نفلی صدقہ کے طور پر درج نہ کریں جب تک کہ صدقہ فطر دینے والا زائد رقم کے نفلی صدقہ ہونے کی وضاحت نہ کردے۔

سوال: کیا عطیّات رسید بُک کی حفاظت کا انتظام کرنا ضروری ہے؟ برائے کرم رہنمائی اور تربیت فرما دیجئے۔

جواب: مدنی عَطیّات جمع کرنے کے لئے جن اسلامی بھائیوں کو رسید بکس جاری

کی جائیں اُن کو دینی کاموں کے لئے چندہ کرنے کے فضائل سُنانے کے ساتھ ساتھ رسیدیں واپس نہ کرنے کی صورت میں پیش آنے والے مُمکِنہ مسائل سے بھی آگاہ فرمائیں، اِس کا بہتر اور آسان طریقہ یہ ہے کہ اُن اسلامی بھائیوں کو ''شرعی مسئلہ'' کے نام سے رسید بُک والا درج ذیل فتویٰ پڑھ کر سُنا دیا جائے۔

شرعی مَسئَلہ

عَطیّات جمع کرنے کیلئے بنائی جانے والی تمام قِسم کی رسیدیں مجلسِ مالیات یا جس کو بھی دی جائیں اُس کے پاس بطورِ امانت ہوتی ہیں جس کی حفاظت کرنا بھی اُس کی ذِمّہ داری ہے اور جن اسلامی بھائیوں کو یہ رسیدیں دی جائیں اُن پر لازم ہے کہ تمام رسیدیں مجلسِ مالیات کو واپس کر دیں۔ بلا اجازتِ شرعی واپس نہ کرنا یا اپنی کوتاہی سے رسیدیں گُم کر دینا ناجائز و گُناہ ہے۔ یاد رہے کہ اگر بطریقِ شرعی یہ ثابت ہوا کہ کسی کی تَعَدِّی یا حفاظت میں کوتاہی برتنے سے رسیدیں گُم ہوئی ہیں تو اِس صورت میں اُس اسلامی بھائی کو رسیدوں کا تاوان بھی ادا کرنا ہوگا۔

(دارُ الافتاء اہلسنت)

نوٹ: رسید بُک کا مُحتاط استعمال نہ کرنے سے رسیدیں یا رسید بُک ضائع ہونے کا قوی اندیشہ ہے لہٰذا عَطیّات جمع کرنے والے اسلامی بھائیوں کو کسی بھی قِسم کی مُمکِنہ غفلت و بے احتیاطی سے بچانے کے لئے ان کی سہولت وخَیر خواہی کے پیشِ نظر اِفتاء مکتب کی مُشاوَرَت سے مذکورہ فتویٰ رسید بُک کے اوپر بھی پرنٹ کروا دیا گیا ہے تاکہ اِحتیاط کا دامن نہ چھوٹنے پائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ ہمیں امیرِ اہلسنّت کی غُلامی اور دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول پر اِستِقامت کے ساتھ ہر مدنی کام کے لئے ہر وقت تیار رہنے کی توفیقِ سعید عطا فرمائے۔

اٰمِین بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِین صَلَّی اللّٰہُ تَعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

عذابات کے نقشے

زکوۃ ادا کرنے کے جہاں بے شُمار ثوابات ہیں نہ دینے والے کیلئے وہاں خوفناک عذابات بھی ہیں۔ اعلیٰ حضرت، اِمامِ اہلسنّت، مولانا شاہ امام احمد رضا خان علیہ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن قرآن وحدیث میں بیان کردہ عذابات کا نقشہ کھینچتے ہوئے فرماتے ہیں: خُلاصہ یہ ہے کہ جس سونے چاندی کی زکوۃ نہ دی جائے، روزِ قیامت جہنم کی آگ میں تپا کر اُس سے اُن کی پیشانیاں، کروٹیں، پیٹھیں داغی جائیں گی۔ اُن کے سر، پستان پر جہنم کا گرم پتھر رکھیں گے کہ چھاتی توڑ کر شانے سے نکل جائے گا اور شانے کی ہڈّی پر رکھیں گے کہ ہڈّیاں توڑتا سینے سے نکل آئے گا، پیٹھ توڑ کر کمر سے نکلے گا، گدی توڑ کر پیشانی سے اُبھرے گا۔ جس مال کی زکوۃ نہ دی جائے گی روزِ قیامت پُرانا خبیث خونخوار اژدھا بن کر اُس کے پیچھے دوڑے گا، یہ ہاتھ سے روکے گا، وہ ہاتھ چبالے گا، پھر گلے میں طوق بن کر پڑے گا، اُس کا مُنہ اپنے مُنہ میں لے کر چبائے گا کہ میں ہوں تیرا مال، میں ہوں تیرا خزانہ پھر اُس کا سارا بدن چبا ڈالے گا۔ وَالْعِیاذُ بِاللّٰہ رَبِّ العالَمین (فتاویٰ رضویہ، ۱۰/۱۵۳)

عطیات کی پُر (Fill) کی ہوئی رسید کا نمونہ

دعوتِ اسلامی

رسید نمبر 398

تاریخ عیسوی 26-08-2015

عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ پرانی سبزی منڈی محلہ سوداگران باب المدینہ کراچی
Tel: 021-34921389-93 UAN: 111-252-692

نام مع ولدیت: عبد الکلیم عطاری فون نمبر: 0332-1234567

پتا: مکان نمبر 1308 سیکٹر B/15 صدر کراچی، پاکستان (علاقہ: فیضان بغداد، ڈویژن غم مرشد، کابینہ جیلانی)

رقم ہندسوں میں: 26,000 رقم لفظوں میں: صرف چھبیس ہزار روپے

چیک نمبر: 4044076 بینک: یو-بی-ایل برانچ: ایم-اے-جناح روڈ کراچی تاریخ: 30 اگست 2015

نام وصول کنندہ: کامران عطاری ذمہ داری / مجلس: حلقہ نگران

دستخط وصول کنندہ: Kamran Attari چندہ دینے والے کے دستخط: Abdul Kaleem Attari

http://www.dawateislami.net/donation/donate.do E-Mail: donations@dawateislami.net

Donations made to Dawat-e-Islami is entitled to the tax credit U/S 61 of the Income Tax Ordinance 2001

آپ کا چندہ (تمام نفلی صدقات) دعوتِ اسلامی جہاں مناسب سمجھے گی وہاں ہر نیک و جائز کام میں خرچ کرے گی۔

مد	تفصیل	رقم
(صدقات واجبہ کی مختلف صورتیں مثلاً نذر، قسم کا کفارہ، فدیہ وغیرہ کی مکمل تفصیل لکھ کر رقم جمع کروائیں)		
زکوۃ	زکوۃ	12,000
فطرہ	فطرہ	9,000
عشر	عشر	3,000
صدقاتِ نافلہ	لنگر رضویہ	1,000
// // //	مدنی چینل	1,000
میزان		26,000

قسم کے کفارے کے فارم کا پُر کیا ہوا نمونہ

قسم کھانے والے کا نام: بکرعطاری فون نمبر: 021-31234567 موبائل نمبر: 0332-1234567

ای میل ایڈریس: abc@gmail.com گھر/آفس کا پتہ: فلیٹ نمبر 2 بلاک L

گلستانِ جوہر کراچی پاکستان

کتنی قَسم کا کفارہ ہے تعداد: 1 کفّارے کی رقم: 1,000 قسم جو کھائی تھی اس کے مکمل الفاظ تحریر فرمائیں:

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم میں زید سے بات نہیں کروں گا، لیکن میں نے زید سے بات کر لی۔

قسم کے کفّارے کی رقم وُصول کرنے کے مدنی پھول

❁ قسم کے کفارے میں صدقۂ فطر کی رقم میں اس جگہ کا اعتبار کیا جائے گا جہاں قسم توڑنے والا شخص موجود ہے یعنی اگر کوئی شخص مدینہ شریف میں ہے اور اپنی قسم کا کفارہ پاکستان میں ادا کرنا چاہتا ہے تو مدینہ شریف کے صدقۂ فطر کی رقم کا اعتبار کیا جائے گا۔

❁ ایک قسم کے کفارے کی مد میں 10 صدقۂ فطر کی رقم وُصول کی جائے، ایک صدقۂ فطر کی مقدار 1920 گرام (دوکلو میں 80 گرام کم) گندم یا اس کا آٹا یا اس کی قیمت ہے، اس مقدار سے کم وُصول نہ فرمائیں کہ کم وُصولی کی صورت میں ادائیگی نہیں ہو سکے گی، مثلاً ایک صدقۂ فطر کی رقم اگر 100 روپے ہو تو 10 صدقۂ فطر کی رقم 1000 بنے گی۔

❁ البتہ اگر کوئی کفارے کی مد میں صدقۂ فطر کی رقم سے کچھ زیادہ جمع کروانا چاہے مثلاً ایک صدقۂ فطر کی مقدار اگر 100 روپے متعین کی گئی ہو اور دینے والا 112 یا 126 کے حساب سے دے تو وُصولی کی جاسکتی ہے۔ لیکن یاد رہے! ایسی صورت میں زائد ملنے والی رقم کو رسید میں نفلی صدقہ کے طور پر درج نہ کریں جب تک کہ صدقہ فطر دینے والا زائد رقم کے نفلی صدقہ ہونے کی وضاحت نہ کردے۔

❁ قسم کے کفارے کے لئے جو رقم لی جارہی ہے "قسم کے کفارے کی ادائیگی" کی مَد میں ہی وُصول فرمائیں، اس رقم کو ہر نیک و جائز کام کی مَد میں ہرگز نہ لیں۔

دعوتِ اسلامی

مدنی عطیات رسید برائے ذمہ داران (نقدی/چیک)

رسید نمبر: 0007	(ذیلی حلقہ / حلقہ / علاقہ / ڈویژن / شہر / کابینہ / کابینات)	بک نمبر: DI/PK16KHI0025

تاریخ	30 اپریل 2016	علاقہ (تنظیمی / سرکاری)	گلشن بغداد اورنگی نمبر 01	کابینہ	ضیائی کابینہ
ذیلی حلقہ	جامع مسجد محمدی	ڈویژن (تنظیمی / سرکاری)	گلشن مرشد (اورنگی ٹاؤن)	کابینات	عطاری کابینات
حلقہ	فیضان محمدی	شہر (تنظیمی / سرکاری)	کراچی (باب المدینہ)	ملک	پاکستان

مداتِ واجبہ	مقصد / تعداد	رقم	مداتِ نافلہ / مداتِ مخصوصہ	رقم
زکوٰۃ	دعوتِ اسلامی کے لئے	3,000	مسجد	52,000
فطرہ	دعوتِ اسلامی کے لئے	7,000	مدرسۃ المدینہ	12,000
عشر	دعوتِ اسلامی کے لئے	12,000	جامعۃ المدینہ	13,000
حج وعمرہ کے صدقات	2 عدد	200	فیضانِ مدینہ	25,000
قسم کے کفارے	3 عدد	3,000	مدنی چینل	26,000
نماز کے فدیے	ایک ماہ کے نمازوں کا	18,000	دارالمدینہ	11,000
روزے کے فدیے	ایک ماہ کے روزوں کا	3,000	مدنی قافلہ	5,500
منت واجبہ کی رقم	اللہ کی راہ میں صدقہ	6,000	ہدیہ	2,600
دیگر			خیرات	1,200
دیگر			ہر نیک وجائز کام	26,000
دیگر			دیگر	
دیگر			دیگر	
دیگر			دیگر	
ٹوٹل رقم (ہندسوں میں)		52,200	ٹوٹل رقم (ہندسوں میں)	1,74,300
کل رقم ہندسوں میں		226,500	کل رقم لفظوں میں	دو لاکھ چھبیس ہزار پانچ سو روپے فقط

رسید نمبرز: بک نمبر 50 (رسید نمبر 01 تا 18) اور بک نمبر 58 (رسید نمبر 80 تا 96)	ٹوٹل رسید کی تعداد	35
چیک نمبرز: UBL-123456 & MCB-123456 & ASKARI-123456	ٹوٹل چیک کی تعداد	3

نوٹ	ضرب	تعداد	رقم	نوٹ	ضرب	تعداد	رقم
5000	x	1	5,000	5000	x	5	25,000
1000	x	20	20,000	1000	x	92	92,000
500	x	42	21,000	500	x	88	44,000
100	x	22	2,200	100	x	63	6,300
50	x	40	2,000	50	x	52	2,600
20	x	25	500	20	x	60	1,200
10	x	118	1,180	10	x	219	2,190
5	x	26	130	5	x	140	700
2	x	70	140	2	x	110	220
1	x	50	50	1	x	90	90
ٹوٹل			52,200	ٹوٹل			1,74,300

عطیات جمع کرنے والے اسلامی بھائی کی تفصیلات		معرفت		عطیات وصول کرنے والے اسلامی بھائی کی تفصیلات	
نام	عبداللہ عطاری	نام	عبدالرحمٰن عطاری	نام	احمد رضا عطاری
ذمہ داری	حلقہ مشاورت مدنی انعامات ذمہ داری	ذمہ داری	حلقہ نگران	ذمہ داری	علاقہ نگران
موبائل نمبر	0333-1234567	موبائل نمبر	0313-1234567	موبائل نمبر	0300-1234567
دستخط	Abdullah Attari	دستخط	Abdul Rehman Attari	دستخط	Ahmed Raza Attari

عطیات جمع کروانے کیلئے اکاؤنٹس کی تفصیل

دعوتِ اسلامی کے مدنی کاموں کیلئے مدنی عطیات جمع کروانے کیلئے زکوٰۃ، فطرہ اور صدقاتِ نافلہ وغیرہ کیلئے الگ الگ اکاؤنٹس کی تفصیلات درج ذیل ہیں، ملاحظہ فرمائیں، نیز جب بھی درج ذیل میں سے کسی اکاؤنٹ بالخصوص زکوٰۃ وفطرہ والے اکاؤنٹ میں کسی بھی ذریعے سے مدنی عطیات ٹرانسفر یا ڈپوزٹ فرمائیں تو ٹرانسفر رسید کے ساتھ donations@dawateislami.net پر مطلع فرمائیں، نیز اندرونِ ملک (پاکستان) سے بذریعہ ایس ایم ایس اس نمبر 03158272203 پر اور بیرونِ ملک (علاوہ پاکستان) سے اس WhatsApp نمبر 03327331516 پر بھی اطلاع دی جاسکتی ہے:

برائے زکوٰۃ و فطرہ

A/C NO : 0388514411000260
TITLE : DAWATEISLAMI
BANK : MCB
CLOTH MARKET BRANCH (0063) KARACHI
SWIFT CODE: MUCBPKKA
IBAN NO: PK58 MUCB 03885144 1100 0260

برائے عطیات و صدقاتِ نافلہ

A/C NO: 0388841531000263
TITLE : DAWATEISLAMI
BANK : MCB
CLOTH MARKET BRANCH
(0063) KARACHI
SWIFT CODE: MUCBPKKA
IBAN NO: PK20 MUCB 0388 8415 3100 0263

برائے المدینہ لائبریری

A/C NO : 01012077
TITLE : DAWATEISLAMI - AL MADINA LIBRARY
BANK : UBL (AMEEN)
MAIN BRANCH (0891) M.A JINNAH ROAD KARACHI
SWIFT CODE: UNILPKKA
IBAN NO: PK85 UNIL 0112 0891 0101 2077

برائے لنگرِ رضویہ

A/C NO: 010-0952-7
TITLE : DAWATEISLAMI LANGER-E-RAZWIA
BANK : UBL (AMEEN)
MAIN BRANCH (0891) M.A JINNAH ROAD KARACHI
SWIFT CODE: UNILPKKA
IBAN NO: PK65 UNIL 0112 0891 0100 9527

دارالافتاء اہلسنت دعوتِ اسلامی کے پتے اور فون نمبرز 2016ء

نمبر شمار	مقام	اوقات کار	تعطیل
1	افتاء مکتب: عالمی مدنی مرکز فیضان مدینہ باب المدینہ (کراچی) (صرف ذمہ داران تنظیمی امور میں شرعی مسائل کے حل کیلئے رجوع فرمائیں)	صبح 10 تا شام 04	جمعۃ المبارک
2	افتاء مکتب: نزد مکتبۃ المدینہ، گنج بخش مارکیٹ، داتا دربار مرکز الاولیاء (لاہور) (صرف ذمہ داران تنظیمی امور میں شرعی مسائل کے حل کیلئے رجوع فرمائیں)	صبح 09 تا شام 05	اتوار
3	دارالافتاء اہلسنت: جامع مسجد کنز الایمان (بابری چوک) گرومندر باب المدینہ (کراچی)	صبح 10 تا شام 04	جمعۃ المبارک
4	دارالافتاء اہلسنت: جامع مسجد معصوم شاہ بخاری، نزد پولیس چوکی کھارادر باب المدینہ (کراچی)	صبح 11 تا شام 05	جمعۃ المبارک
5	دارالافتاء اہلسنت: جامع مسجد رضائے مصطفیٰ بالمقابل موبائل مارکیٹ کورنگی نمبر 4 باب المدینہ (کراچی)	دوپہر 12 تا شام 05	جمعۃ المبارک
6	دارالافتاء اہلسنت: جامع مسجد اقصیٰ اکبر روڈ نزد ریگل چوک صدر باب المدینہ (کراچی)	صبح 11 تا شام 04	جمعۃ المبارک
7	دارالافتاء اہلسنت: آفندی ٹاؤن بالمقابل مدنی مرکز فیضان مدینہ باب الاسلام (حیدر آباد سندھ)	صبح 11 تا شام 04	جمعۃ المبارک
8	دارالافتاء اہلسنت: نزد زینب مسجد محمدیہ کالونی سوساں روڈ مدینہ ٹاؤن سردار آباد (فیصل آباد)	صبح 10:30 تا شام 04:30	جمعۃ المبارک
9	دارالافتاء اہلسنت: نزد مکتبۃ المدینہ گنج بخش مارکیٹ مرکز الاولیاء داتا دربار مرکز الاولیاء (لاہور)	صبح 09 تا شام 05	اتوار
10	دارالافتاء اہلسنت: لطیف پلازہ (جیولری مارکیٹ) فرسٹ فلور فیروز پور روڈ اچھرہ مرکز الاولیاء (لاہور)	صبح 11 تا شام 05	اتوار
11	دارالافتاء اہلسنت: نزد جامع مسجد غوثیہ حاجی احمد جان بینک روڈ صدر (راولپنڈی کینٹ)	صبح 10 تا شام 04	جمعۃ المبارک
12	دارالافتاء اہلسنت: ظہور پلازہ نوری گیٹ نزد باٹا شوز گلزار طیبہ (سرگودھا)	صبح 10:30 تا شام 04:30	جمعۃ المبارک

دارالافتاء اہلسنت کے فون نمبر اور میل ایڈریس

فون سروس کے اوقات کار	0300-0220113	0300-0220112	بالخصوص پاکستان
10am تا 4pm (وقفہ 1 تا 2، جمعۃ المبارک تعطیل)	0300-0220115	0300-0220114	اور دنیا بھر کیلئے
پاکستانی اوقات کے مطابق 2pm تا 7pm (علاوہ نماز کے اوقات)		0044 121 318 2692	بالخصوص یوکے اور دنیا بھر کیلئے
پاکستانی اوقات کے مطابق 2pm تا 7pm (علاوہ نماز کے اوقات)		0015 8590 200 92	بالخصوص امریکہ اور دنیا بھر کیلئے
پاکستانی اوقات کے مطابق 2pm تا 7pm (علاوہ نماز کے اوقات)		0027 31 813 5691	بالخصوص افریقہ اور دنیا بھر کیلئے
وقفہ برائے نماز و طعام		1:00 تا 2:00	
Email: darulifta@dawateislami.net			

میرا مَدَنی مقصد: ”مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔“ اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ ۔ اپنی اصلاح کے لیے ”مَدَنی اِنْعامات“ پر عمل اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لیے ”مَدَنی قافلوں“ میں سفر کرنا ہے۔ اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ

دعوتِ اسلامی کے خدمتِ دین کے 102 شعبہ جات

﴿1﴾ مدنی انعامات ﴿2﴾ مدنی قافلہ ﴿3﴾ مجلس بیرونِ ملک ﴿4﴾ مدنی تربیت گاہیں ﴿5﴾ مجلس ہفتہ وار اجتماع ﴿6﴾ اجتماعی اعتکاف (پوراماہِ رمضان/آخری عشرہ) ﴿7﴾ مجلس حج وعمرہ ﴿8﴾ مجلس ہفتہ وار مدنی مذاکرہ ﴿9﴾ جامعة المدینه (للبنین) ﴿10﴾ جامعة المدینه (للبنات) ﴿11﴾ مدرسة المدینه (للبنین) ﴿12﴾ مدرسة المدینه (للبنات) ﴿13﴾ مدرسة المدینه (جُز وقتی) ﴿14﴾ مدرسۃ المدینہ للبنین (رہائشی) ﴿15﴾ مدرسة المدینه بالغان) ﴿16﴾ مدرسة المدینه کورسز ﴿17﴾ مدرسة المدینه آن لائن ﴿18﴾ دار المدینه (للبنین) ﴿19﴾ دار المدینه (للبنات) ﴿20﴾ دار المدینه (اسکول) ﴿21﴾ دار الافتاء اہلسنّت ﴿22﴾ المدینه لائبریری ﴿23﴾ تَخَصُّص فِی الفِقْه ﴿24﴾ مجلس طِبّی علاج ﴿25﴾ مجلسِ توقیت ﴿26﴾ مجلس کارکردگی فارم ومدنی پھول ﴿27﴾ مجلس کورسز (مدنی انعامات ومدنی قافلہ کورس، قفلِ مدینہ کورس، مدنی تربیتی کورس، وغیرہ) ﴿28﴾ المدینةُ العلمیه ﴿29﴾ مجلس تراجم ﴿30﴾ مکتبةُ المدینه ﴿31﴾ مدنی چینل ﴿32﴾ مجلس آئی ٹی ﴿33﴾ مدنی چینل رسالے مجلس ﴿34﴾ شعبۂ تعلیم ﴿35﴾ مجلس خصوصی اسلامی بھائی ﴿36﴾ مجلسِ اصلاح برائے قیدیان ﴿37﴾ مجلس تاجران ﴿38﴾ مجلس وکلاء وججز ﴿39﴾ مجلس ذرائع آمدورفت (ٹرانسپورٹرز) ﴿40﴾ مجلس ڈاکٹرز ﴿41﴾ مجلس ہومیو پیتھک ڈاکٹرز ﴿42﴾ مجلس ویٹرنری ڈاکٹرز (معالجِ حیوانات) ﴿43﴾ مجلس حکیم ﴿44﴾ مجلس اصلاح برائے کھلاڑیان ﴿45﴾ مجلس عشرواطراف گاؤں ﴿46﴾ مجلسِ رابطہ ﴿47﴾ مجلس رابطہ بالعلماء والمشائخ ﴿48﴾ مجلس مزاراتِ اولیاء ﴿49﴾ مجلس نشرواشاعت ﴿50﴾ مجلس تاجران برائے گوشت ﴿51﴾ مجلس خدام المساجد ﴿52﴾ آئمہ مساجد ﴿53﴾ مجلس مکتوبات وتعویذاتِ عطاریہ ﴿54﴾ مجلس صحرائے مدینہ ﴿55﴾ مجلس تقسیم رسائل ﴿56﴾ مجلس خیرخواہی (زلزلہ وسیلاب زدگان وغیرہ) ﴿57﴾ مجلس امامت کورس ﴿58﴾ لنگرِ رضویہ ﴿59﴾ مجلس مالیات ﴿60﴾ مجلس اثاثہ جات ﴿61﴾ مجلس اجارہ ﴿62﴾ مجلس حفاظتی اُمور ﴿63﴾ مجلس فیضانِ مدینہ (مدنی مراکز) ﴿64﴾ مجلس تعمیرات ﴿65﴾ مجلس کارکردگی ﴿66﴾ مجلس مدنی عطیات بکس ﴿67﴾ مجلس مدنی بہاریں ﴿68﴾ مجلس فیضانِ مُرشد ﴿69﴾ مجلس تجہیز وتکفین ﴿70﴾ مجلس اجتماع ذکر ونعت ﴿71﴾ مجلس کورس برائے نیو مسلم ﴿72﴾ مجلس تفتیش قراءت ومسائل ﴿73﴾ آن لائن کورسز (علومِ اسلامیہ کورس، نیومسلم کورس، فرض علوم کورس) ﴿74﴾ جامعة المدینه (آن لائن) ﴿75﴾ مجلس چرمِ قربانی ﴿76﴾ مجلسِ تحقیقاتِ شرعیہ ﴿77﴾ مجلسِ اصلاح برائے فنکار

اسلامی بہنوں کی عالمی مجلس مشاورت کے تحت شعبے: ﴿78﴾ مجلس مدنی کام برائے اسلامی بہنیں ﴿79﴾ مجلس فیضانِ مُرشد برائے اسلامی بہنیں ﴿80﴾ مجلس شعبۂ تعلیم برائے اسلامی بہنیں ﴿81﴾ مجلس خصوصی

اسلامی بہنیں [82] مجلس مدنی انعامات برائے اسلامی بہنیں [83] مدرسۃ المدینہ (بالغات) [84] مجلس کورسز برائے اسلامی بہنیں [85] مجلس حفاظتی اُمور برائے اسلامی بہنیں [86] مجلس رابطہ برائے اسلامی بہنیں [87] مدنی تربیت گاہیں برائے اسلامی بہنیں [88] مجلس مدرسۃُ المدینہ للبنات آن لائن [89] مجلس تعویذاتِ عطاریہ برائے اسلامی بہنیں [90] مجلس طبی علاج برائے اسلامی بہنیں [91] مجلس مالیات ﴿92﴾ مجلس تحفظ اوراقِ مقدسہ ﴿93﴾ تَخَصُّصُ فِي اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّه ﴿94﴾ مجلس مدنی درس ﴿95﴾ مجلس اِزدِیادِ حُب (مدنی انعام نمبر 55) ﴿96﴾ مجلس اجتماعی قربانی ﴿97﴾ مجلس دارُالمدینہ کالج و یونیورسٹی ﴿98﴾ مجلس مدنی کورس ﴿99﴾ مجلس سوشل میڈیا ﴿100﴾ مجلس رابطہ برائے تاجران ﴿101﴾ مجلس برائے تحفظِ رِزق ﴿102﴾ مجلس خود کفالت

٦ جُمادَی الاخری ١٤٣٧ھ / 16 مارچ 2016ء

☆☆	قرآنِ کریم	کلامِ باری تعالیٰ	☆☆☆☆☆☆
نمبر شمار	[illegible]	[illegible]	[illegible]
1	کنز الایمان	اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان، متوفی ١٣٤٠ھ	مکتبۃ المدینہ، باب المدینہ کراچی
2	خزائن العرفان	صدرالافاضل مفتی نعیم الدین مرادآبادی، متوفی ١٣٦٧ھ	مکتبۃ المدینہ، باب المدینہ کراچی
3	صحيح البخاری	امام ابوعبد اللہ محمد بن اسماعیل بخاری، متوفی ٢٥٦ھ	دارالکتب العلمیہ، بیروت ١٤١٩ھ
4	سنن الترمذی	امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی، متوفی ٢٧٩ھ	دارالمعرفہ، بیروت ١٤١٤ھ
5	سنن ابی داؤد	امام ابوداوٗد سلیمان بن اشعث سجستانی، متوفی ٢٧٥ھ	داراحیاء التراث العربی ١٤٢١ھ
6	المؤطا	امام مالک بن انس اصبحی حمیری، متوفی ١٧٩ھ	دارالمعرفہ بیروت ١٤٢٠ھ
7	المعجم الکبیر	حافظ سلیمان بن احمد طبرانی، متوفی ٣٦٠ھ	داراحیاء التراث العربی ١٤٢٢ھ
8	الترغیب والترھیب	امام زکی الدین عبد العظیم بن عبد القوی منذری، متوفی ٦٥٦	دارالکتب العلمیہ، بیروت ١٤١٨ھ
9	مشکاۃ المصابیح	علامہ ولی الدین تبریزی، متوفی ٧٤١ھ	دارالکتب العلمیہ، بیروت ١٤٢١ھ
10	مرقاۃ المفاتیح	علامہ ملا علی بن سلطان قاری، متوفی ١٠١٤ھ	دارالفکر، بیروت ١٤١٤ھ

فہرست

چندے کے بارے میں
سوال جواب
محمد الیاس عطار قادری رضوی

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نیک نمازی بننے کیلئے

ہر جمعرات بعد نمازِ مغرب آپ کے یہاں ہونے والے **دعوتِ اسلامی** کے ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماع میں رضائے الٰہی کیلئے اچھی اچھی نیتوں کے ساتھ ساری رات شرکت فرمایئے ۞ سنّتوں کی تربیت کے لئے **مَدَنی قافلے** میں عاشقانِ رسول کے ساتھ ہر ماہ تین دن سفر اور ۞ روزانہ "**فکرِ مدینہ**" کے ذریعے **مَدَنی انعامات** کا رسالہ پُر کر کے ہر مَدَنی ماہ کی پہلی تاریخ اپنے یہاں کے ذمے دار کو جمع کروانے کا معمول بنالیجئے۔

میرا مَدَنی مقصد: "مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔" اِن شَآءَ اللّٰہ عزوجل۔ اپنی اصلاح کے لیے "**مَدَنی انعامات**" پر عمل اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لیے "**مَدَنی قافلوں**" میں سفر کرنا ہے۔ اِن شَآءَ اللّٰہ عزوجل

MC 1286

فیضانِ مدینہ، محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی، بابُ المدینہ (کراچی)
UAN: +92 21 111 25 26 92 Ext: 1284
Web: www.dawateislami.net / Email: ilmia@dawateislami.net